مُسلسل اِشاعت کے 56 سال

ماہنامہ
عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

لولاک

ملتان
Email: khatmenubuwwat@ymail.com
شمارہ:٦ جلد:٢٣ | جون 2019 شوال ١٤٤٠

- شوال المکرم کی عظیم الشان نسبتیں اور فضائل
- سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ
- فضائل النبی ﷺ از مسلم شریف
- چھبیسواں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء
- جماعت نہم کی نصابی کتاب سے عقیدہ ختم نبوت کا افسوسناک اخراج

www.khatm-e-nubuwwat.com, www.lolaak.clickhere2.net, www.laulak.info

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا ترجمان

ماہنامہ

لولاک

ملتان

شمارہ : ٦ جلد : ٢٣

بیاد

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ
مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ
مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھریؒ
مناظر اسلام مولانا لال حسین اخترؒ
حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ
خواجہ خواجگان حضرت مولانا خان محمد صاحبؒ
حضرت مولانا عبدالرحمٰن میانویؒ
فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہؒ
حضرت مولانا محمد شریف جالندھریؒ
حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ
شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی احمد الرحمٰنؒ
حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ
پیر جی حضرت مولانا شاہ نفیس الحسینیؒ
حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانویؒ
حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خانؒ
حضرت مولانا محمد شریف بہاولپوریؒ
حضرت مولانا سعید احمد صاحب جلالپوری شہیدؒ
صاحبزادہ طارق محمودؒ

بانی : مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ

زیر سرپرستی : حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر مدظلہ

زیر سرپرستی : حضرت مولانا حافظ محمد ناصر الدین خاکوانی مدظلہ

نگران اعلیٰ : حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری

نگران : حضرت مولانا اللہ وسایا

چیف ایڈیٹر : حضرت مولانا عزیز احمد

حضرت مولانا مفتی محمد شہاب الدین پوپلزئی

ایڈیٹر : صاحبزادہ حافظ مبشر محمود

مرتب : مولانا عزیز الرحمٰن ثانی

کمپوزنگ : یوسف ہارون

مجلس منتظمہ

علامہ احمد میاں حمادی	مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی
مولانا بشیر احمد	حافظ محمد یوسف عثمانی
مولانا محمد اکرم طوفانی	مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن
مولانا فقیر اللہ اختر	مولانا قاضی احسان احمد
مولانا عبدالرشید غازی	مولانا محمد طیب فاروقی
مولانا غلام حسین	مولانا غلام رسول دین پوری
مولانا محمد اسحاق ساقی	مولانا محمد حسین ناصر
مولانا غلام مصطفےٰ	مولانا مفتی محمد راشد مدنی
چوہدری محمد اقبال	مولانا محمد قاسم رحمانی
مولانا عبدالرزاق	

ناشر : عزیز احمد مطبع : تشکیل نو پرنٹرز ملتان
مقام اشاعت : جامع مسجد ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

رابطہ : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ
حضوری باغ روڈ، ملتان فون : 0300-4304277, 061-4783486

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

کلمۃ الیوم

سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ	مولانا محمد وسیم اسلم	03

مقالات ومضامین

فضائل النبی ﷺ از مسلم شریف	مولانا محمد شاہد ندیم	09
شوال المکرّم کی عظیم الشان نسبتیں اور فضائل	مولانا کریم بخش ملتانی	12
حج بیت اللہ کی ادائیگی...... مختصر طریقہ	مولانا حبیب الرحمٰن	15
حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہ کا خطاب	ضبط وترتیب: مولانا محمد وسیم اسلم	21

ردقادیانیت

جناب بھٹو صاحب اور ردقادیانیت	مولانا اللہ وسایا	29
جماعت نہم کی نصابی کتاب سے عقیدۂ ختم نبوت کا افسوسناک اخراج	مولانا زاہد الراشدی	32
دارالعلوم دیوبند میں چھ روزہ تحفظ ختم نبوت تربیتی کیمپ	مولوی رفیق الاسلام	34
مانسہرہ میں ختم نبوت کانفرنسوں کی بہار	جناب عبدالباسط	36

متفرقات

جماعتی سرگرمیاں	ادارہ	37
چھبیسویں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء	مولانا محمد بلال	41

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کلمۃ الیوم

سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کی رپورٹ

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم. اما بعد!

محض اللہ رب العزت کے فضل وکرم سے ’’چھبیس واں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر‘‘ ۱۳؍اپریل ۲۰۱۹ء سے شروع ہوکر ۲؍مئی کو اختتام پذیر ہوا۔ فالحمد للہ علی ذالک اولاً و آخراً!

قارئین کرام بخوبی جانتے ہیں کہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کا قیام ۱۹۴۹ء میں ہوا۔ باقاعدہ انتخابات ۱۹۵۴ء میں ہوئے۔ اس کے بعد عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام مرکزی شعبہ ’’دارالمبلغین‘‘ معرض وجود میں آیا۔ حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ، حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ، حضرت مولانا بشیر احمد فاضل پوریؒ، حضرت مولانا محمد لقمان علی پوریؒ، حضرت مولانا خدا بخش شجاع آبادیؒ اور حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی مدظلہ ایسے حضرات اسی دارالمبلغین سے فیض یافتہ ہیں۔

اس زمانہ میں فاتح قادیان حضرت مولانا محمد حیاتؒ اور مناظر اسلام حضرت مولانا لال حسین اخترؒ ایسے اساتذہ کرام اس دارالمبلغین کی زینت تھے۔ شیخ التفسیر حضرت لاہوریؒ، حافظ الحدیث حضرت درخواستیؒ اور شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ کے دورہ تفاسیر قرآن سمیت ملک بھر کے دینی مدارس میں حضرت مولانا محمد حیاتؒ اور حضرت مولانا لال حسین اخترؒ ردقادیانیت پر طلباء کرام کو تربیت دیتے رہے۔ جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوریؒ ٹاؤن کراچی میں اسی زمانہ سے تا حال ’’دورہ تدریبیہ‘‘ منعقد ہوتا چلا آرہا ہے۔ جس میں پہلے پہل حضرت مولانا لال حسین اخترؒ پھر حضرت مولانا عبدالرحیم اشعرؒ اور اب حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ عرصہ سے تحفظ ختم نبوت کے موضوع پر طلباء کرام کی تربیت کرتے چلے آرہے ہیں۔ اس کے علاوہ تنظیم اہل سنت پاکستان کے دفتر اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی دفتر سمیت دیگر کئی دفاتر میں بھی کورس کا اہتمام ہوتا رہا۔

۱۹۹۵ء مطابق ۱۴۱۵ھ میں پہلی مرتبہ چناب نگر کی سرزمین پر ’’مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی‘‘ میں سالانہ پندرہ روزہ ’’تحفظ ختم نبوت‘‘ کورس کا آغاز ۱۸؍جنوری مطابق ۱۵؍شعبان کو ہوا۔ چناب نگر کے اس ابتدائی کورس میں حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ، حضرت مولانا محمد امین صفدرؒ، حضرت مولانا عبداللطیف مسعودؒ، حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ، حضرت مولانا زاہد الراشدی، حضرت

مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی اور جناب محمد متین خالد ایسے اساتذہ کرام نے عقیدہ ختم نبوت، حیات مسیح علیہ السلام، ظہور مہدی علیہ الرضوان وغیرہ دلائل کے ساتھ پڑھائے اور قادیانیت کے اوہام باطلہ سے طلباء کرام کو آگاہ کیا۔ اس وقت سے مسلسل چناب نگر میں شعبان المعظم کے مہینہ میں کورس منعقد ہوتا چلا آرہا ہے۔ اس سال یہ چھبیسواں کورس تھا۔ ذیل میں چھبیس کورسز کے انعقاد کی مختصر فہرست ملاحظہ فرمائیں:

۱......۱۵ر شعبان ۱۴۱۵ھ مطابق ۱۸ر جنوری ۱۹۹۵ء تا ۲۸ شعبان ۱۴۱۵ھ مطابق ۳۱ جنوری ۱۹۹۵ء

۲......۱۵ر شعبان ۱۴۱۶ھ مطابق ۲ جنوری ۱۹۹۶ء تا ۲۷ شعبان ۱۴۱۶ھ مطابق ۱۹ر جنوری ۱۹۹۶ء

۳......۱۱ر شعبان ۱۴۱۷ھ مطابق ۲۲ دسمبر ۱۹۹۶ء تا ۲۸ شعبان ۱۴۱۷ھ مطابق ۸ جنوری ۱۹۹۷ء

۴......۱۰ر شعبان ۱۴۱۸ھ مطابق ۱۱ دسمبر ۱۹۹۷ء تا ۲۷ شعبان ۱۴۱۸ھ مطابق ۲۷ دسمبر ۱۹۹۷ء

۵......۱۰ر شعبان ۱۴۱۹ھ مطابق ۳۰ نومبر ۱۹۹۸ء تا ۲۸ شعبان ۱۴۱۹ھ مطابق ۱۸ر دسمبر ۱۹۹۸ء

۶......۱۰ر شعبان ۱۴۲۰ھ مطابق ۱۴ر نومبر ۱۹۹۹ء تا ۲۵ شعبان ۱۴۲۰ھ مطابق ۵ دسمبر ۱۹۹۹ء

۷......۷ شعبان ۱۴۲۱ھ مطابق ۵ نومبر ۲۰۰۰ء تا ۲۸ شعبان ۱۴۲۱ھ مطابق ۲۶ نومبر ۲۰۰۰ء

۸......۵ شعبان ۱۴۲۲ھ مطابق ۲۳ر اکتوبر ۲۰۰۱ء تا ۲۵ شعبان ۱۴۲۲ھ مطابق ۱۳ر نومبر ۲۰۰۱ء

۹......یکم شعبان ۱۴۲۳ھ مطابق ۸ر اکتوبر ۲۰۰۲ء تا ۲۴ شعبان ۱۴۲۳ھ مطابق ۳۱ر اکتوبر ۲۰۰۲ء

۱۰......۵ شعبان ۱۴۲۴ھ مطابق ۲ر اکتوبر ۲۰۰۳ء تا ۲۶ شعبان ۱۴۲۴ھ مطابق ۲۳ر اکتوبر ۲۰۰۳ء

۱۱......۹ شعبان ۱۴۲۵ھ مطابق ۲۴ ستمبر ۲۰۰۴ء تا ۲۴ شعبان ۱۴۲۵ھ مطابق ۹ر اکتوبر ۲۰۰۴ء

۱۲......۶ شعبان ۱۴۲۶ھ مطابق ۱۱ر ستمبر ۲۰۰۵ء تا ۲۵ شعبان ۱۴۲۶ھ مطابق ۳۰ ستمبر ۲۰۰۵ء

۱۳......یکم شعبان ۱۴۲۷ھ مطابق ۲۶ر اگست ۲۰۰۶ء تا ۲۵ شعبان ۱۴۲۷ھ مطابق ۱۹ر ستمبر ۲۰۰۶ء

۱۴......۴ شعبان ۱۴۲۸ھ مطابق ۱۸ر اگست ۲۰۰۷ء تا ۲۷ شعبان ۱۴۲۸ھ مطابق ۱۰ ستمبر ۲۰۰۷ء

۱۵......۶ شعبان ۱۴۲۹ھ مطابق ۹ر اگست ۲۰۰۸ء تا ۲۶ شعبان ۱۴۲۹ھ مطابق ۲۹ر اگست ۲۰۰۸ء

۱۶......یکم شعبان ۱۴۳۰ھ مطابق ۲۵ جولائی ۲۰۰۹ء تا ۲۴ شعبان ۱۴۳۰ھ مطابق ۱۶ر اگست ۲۰۰۹ء

۱۷......۴ شعبان ۱۴۳۱ھ مطابق ۱۷ جولائی ۲۰۱۰ء تا ۲۵ شعبان ۱۴۳۱ھ مطابق ۷ر اگست ۲۰۱۰ء

۱۸......۶ شعبان ۱۴۳۲ھ مطابق ۹ جولائی ۲۰۱۱ء تا ۲۲ شعبان ۱۴۳۲ھ مطابق ۲۹ جولائی ۲۰۱۱ء

۱۹......۲ شعبان ۱۴۳۳ھ مطابق ۲۳ جون ۲۰۱۲ء تا ۲۶ شعبان ۱۴۳۳ھ مطابق ۱۷ جولائی ۲۰۱۲ء

۲۰......۶ شعبان ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۵ جون ۲۰۱۳ء تا ۲۷ شعبان ۱۴۳۴ھ مطابق ۷ جولائی ۲۰۱۳ء

۲۱......یکم شعبان ۱۴۳۵ھ مطابق ۳۱ مئی ۲۰۱۴ء تا ۲۴ شعبان ۱۴۳۵ھ مطابق ۲۳ جون ۲۰۱۴ء

۲۲......۴ شعبان ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۳ مئی ۲۰۱۵ء تا ۲۶ شعبان ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۴ جون ۲۰۱۵ء

۲۳......۶ شعبان ۱۴۳۷ھ مطابق ۱۴ مئی ۲۰۱۶ء تا ۲۶ شعبان ۱۴۳۷ھ مطابق ۳ جون ۲۰۱۶ء

۲۴......۲ شعبان ۱۴۳۸ھ مطابق ۲۹ اپریل ۲۰۱۷ء تا ۲۳ شعبان ۱۴۳۸ھ مطابق ۲۰ مئی ۲۰۱۷ء

۲۵......۴ شعبان ۱۴۳۹ھ مطابق ۲۱ اپریل ۲۰۱۸ء تا ۲۵ شعبان ۱۴۳۹ھ مطابق ۱۲ مئی ۲۰۱۸ء

امسال چھبیس واں سالانہ ختم نبوت کورس ۷ شعبان المعظم ۱۴۴۰ھ مطابق ۱۳ اپریل ۲۰۱۹ء تا ۲۶ شعبان المعظم مطابق ۲ مئی ۲۰۱۹ء منعقد ہوا۔ ۱۳ اپریل بروز جمعہ کو بعد از نماز جمعۃ المبارک داخلہ کا آغاز ہوا۔ رات گئے تک چار سو سے زائد طلباء کرام نے داخلہ لے لیا۔ رات بھر طلباء کرام کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ بروز ہفتہ بعد نماز فجر داخلہ کا عمل دوبارہ شروع کیا گیا۔ آٹھ بجے کورس کا آغاز ہوا۔ اس سے قبل تقریباً پانچ صد طلباء کرام کی حاضری یقینی ہوچکی تھی۔ دوپہر کو کراچی اور اندرون سندھ سے قافلہ مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی میں پہنچا۔ قافلہ میں تقریباً پانچ صد طلباء کرام تشریف لائے۔ یوں ہفتہ کے روز ہی شرکاء کورس کی تعداد ایک ہزار کے ہندسہ کو عبور کرگئی۔ ماہنامہ لولاک ملتان اپریل کے شمارہ میں حضرت مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ مدظلہ نے داخلہ کے لئے جن شرائط کا ذکر کیا، حتی الامکان انہیں شرائط پر داخلے دیئے گئے۔ گیارہ سو باون افراد نے داخلہ لیا۔ جن میں مدارس کے طلباء، اسکول و کالجز کے سٹوڈنٹس، ٹیچرز، اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شامل تھے۔ امسال شرکاء کورس نے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیئے۔ فالحمد للہ!

کورس کا آغاز بروز ہفتہ صبح آٹھ بجے جامعہ اشرفیہ مان کوٹ ملتان سے تشریف لائے ہوئے معزز مہمان حضرت مولانا محمد احمد انور کے ابتدائی کلمات و دعا سے ہوا۔ حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ نے طلباء کرام کو حسب سابق ہدایات ارشاد فرمائیں۔ بعد ازاں اسباق کا آغاز ہوا۔ حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ، حضرت مولانا غلام رسول دین پوری، حضرت مولانا محمد رضوان عزیز نے کورس کے پورے دورانیہ میں اسباق پڑھائے۔ علاوہ ازیں پہلے ہفتہ میں حضرت مولانا محمد شاہد ندیم، حضرت مولانا محمد احمد بہاول پوری، حضرت مولانا مفتی محمد راشد مدنی، حضرت مولانا غلام مرتضیٰ ڈسکہ کے اسباق ہوئے۔ دوسرے ہفتہ میں حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، حضرت مولانا مفتی محمد انور اوکاڑوی، حضرت مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ کراچی، حضرت مولانا مفتی خالد محمود کراچی، مولانا مفتی محمد حسن لاہور، مولانا محمد الیاس گھمن سرگودھا، مولانا نور محمد ہزاروی سرگودھا، مولانا عزیز الرحمٰن رحیمی فیصل آباد، جناب متین خالد لاہور کے اسباق و لیکچرز ہوئے۔ تیسرے اور آخری ہفتہ میں حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، حضرت مولانا محمد قاسم رحمانی، شیخ الحدیث مولانا محمد زاہد الراشدی، حضرت مولانا محمد اکرم طوفانی، حضرت مولانا قاضی احسان احمد کراچی، جناب خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ اور دیگر کئی ایک اکابر علماء کرام نے عقیدہ ختم نبوت، حیات سیدنا مسیح علیہ السلام، سیدنا امام مہدی علیہ الرضوان، فتنہ دجال، کذبات مرزا، حجیت حدیث، فتنہ غامدیت، فتنہ گوہر شاہیت اور جدید

فتن سمیت اہم موضوعات پر اسباق پڑھائے۔ مولانا محمد عادل خورشد نے جدید تقاضوں کے مطابق پروجیکٹر پر لیکچرز بھی دیئے۔

کورس کے مکمل نظم کی نگرانی حضرت مولانا اللہ وسایا، حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ثانی اور حضرت مولانا غلام مصطفیٰ نے فرمائی۔ شرکاء کورس کی خدمت حضرت مولانا محمد اسحٰق ساقی بہاول پور، مولانا عبدالرشید سیال فیصل آباد، مولانا محمد خبیب ٹوبہ ٹیک سنگھ، مولانا محمد خالد عابد شیخوپورہ اور مولانا صغیر احمد چناب نگر نے سرانجام دی۔ تمام اساتذہ وقراء حضرات بمع طلباء کرام، خدمت میں پیش پیش رہے۔

طلباء کرام کے علاج و معالجہ کے لئے مدرسہ کے اندر ''ختم نبوت فری ڈسپنسری'' قائم ہے۔ سارا سال طلباء کرام کے علاوہ اہل علاقہ بھی اس سے بھرپور استفادہ کرتے رہتے ہیں۔ شرکاء کورس کے لئے خصوصیت کے ساتھ جناب ڈاکٹر محمد محسن اور مولانا قاری محمد اصغر نے خوب خدمات سرانجام دیں۔ کورس کے ایام میں ہی ''چوتھا ختم نبوت فری میڈیکل کیمپ'' بھی لگایا گیا۔ جس میں ڈاکٹر صولت نواز فیصل آباد اور ان کے رفقاء کی پوری ٹیم نے اس کیمپ میں شرکت کی۔ شرکاء کورس سمیت چناب نگر و مضافاتی علاقوں سے سینکڑوں افراد نے اس فری کیمپ سے فائدہ حاصل کیا۔ کیمپ میں ای سی جی، الٹرا ساؤنڈ، بلڈ پریشر، شوگر، کولیسٹرول، ہیپاٹائٹس بی اور سی، لیبارٹری کے مکمل ٹیسٹ اور جدید مشینوں کے ذریعہ آنکھوں کے معائنہ سمیت دیگر سہولیات موجود تھیں۔

نعمت غیر مترقبہ

اللہ رب العزت کے خصوصی فضل و کرم سے گزشتہ سال چناب نگر کے اسی کورس میں مبلغ اسلام، داعی الی اللہ حضرت مولانا طارق جمیل صاحب مدظلہ کی غیر متوقع آمد نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوئی تھی اور اس سال قائد ملت اسلامیہ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی صورت میں منتظمین کورس و شرکاء کورس کو پہلی مرتبہ یہ نعمت غیر مترقبہ حاصل ہوئی۔ جس پر اللہ رب العزت کا جتنا شکر ادا کیا جائے وہ کم ہے۔

حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ کی مساعی اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی نائب امیر حضرت مولانا صاحبزادہ عزیز احمد مدظلہ العالی کی خصوصی شفقت سے قائد جمعیت کی چناب نگر آمد متوقع ہوئی۔

۲۶/اپریل بروز جمعتہ المبارک آپ کی آمد کی یقینی اطلاع موصول ہوئی تو حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ثانی اور آپ کے رفقاء نے فی الفور انتظامات کو عملی جامہ پہنانا شروع کیا اور آپ کی آمد سے قبل تمام انتظامات بخیر و خوبی انجام دے دیئے گئے۔ حضرت مولانا سیف اللہ خالد ناظم اعلیٰ جامعہ امدادیہ چنیوٹ نے حسب سابق شفقت فرماتے ہوئے انتظامات میں دلچسپی لے کر منتظمین کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ بعد نماز مغرب قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر تشریف

لائے۔ صاحبزادہ خواجہ عزیز احمد صاحب مدظلہ بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ تمام شرکاء کورس مسجد میں بڑی شدت سے انتظار میں تھے۔ حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب شرکاء کورس کو مصروف رکھے ہوئے تھے کہ اچانک قائد محترم مسجد میں جلوہ افروز ہوئے۔ تمام شرکاء کورس نے کھڑے ہوکر ہاتھوں کو لہراتے ہوئے اللہ کی تکبیر کے فلک شگاف نعروں سے اپنے پیارے قائد کا استقبال کیا۔ آپ کی آمد سے تمام شرکاء کورس، منتظمین حضرات اور بالخصوص شاہین ختم نبوت حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ کا دل باغ باغ ہوگیا۔ آپ نے خود مائیک کو سنبھالا، عقیدت بھی تھی، موقع بھی تھا، دستور بھی تھا اور رسم دنیا بھی تھی کہ حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب نے اپنے قائد کی شان میں نثری قصیدہ پڑھتے ہوئے ایسے انداز میں آپ کو دعوت سخن دی کہ اکابر کی یاد تازی کردی۔ قائد محترم کی خصوصی تشریف آوری پر آپ کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا۔

حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ نے تقریباً ایک گھنٹہ بیان فرمایا اس کے بعد صحافی حضرات نے مسجد سے باہر سوال و جواب کے لئے گھیر لیا۔ دس پندرہ منٹ کی پریس کانفرنس کے بعد آپ خصوصی مہمان خانہ میں تشریف لائے۔ کچھ دیر توقف کیا۔ نماز عشاء ادا کی اور پھر اسلام آباد کے لئے عازم سفر ہوگئے۔

یکم مئی بروز بدھ بعد نماز ظہر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم اعلیٰ حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری صاحب مدظلہ بھی مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی میں تشریف لے آئے حافظ محمد انس بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ بعد از نماز عشاء شرکاء کورس سے مفصل بیان فرمایا اور طلباء کرام کو قیمتی ہدایات سے بھی نوازا۔

آخری دو روز مجلس کے مکتبہ پر ڈیوٹی مولانا محمد قاسم مبلغ منڈی بہاؤالدین اور مولانا شفیق الرحمٰن مدرس مدرسہ جامعہ ہذا نے سرانجام دی۔ طلباء کرام کے نتائج، اسناد کی تیاری اور رجسٹروں پر ریکارڈ درج کرنے کے لئے حضرت مولانا غلام رسول دین پوری اور آپ کے رفقاء مولانا محمد قاسم اور بالخصوص مولانا شیر عالم نے خدمات سرانجام دیں۔

گزشتہ تین، چار سالوں سے کتابوں کے گفٹ پیک کے لئے مولانا سید خبیب احمد شاہ فیصل آباد کے برادران کارٹن پرنٹ کر کے ارسال کر رہے ہیں۔ اس مرتبہ بھی انہوں نے کمال شفقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ساڑھے گیارہ سو طلباء کرام کے لئے خصوصی کارٹن تیار کروائے۔ مجموعی طور پر تمام شرکاء کو ''تحفہ قادیانیت'' کا چھ جلدوں پر مشتمل سیٹ، مجموعہ رسائل از مولانا محمد ادریس کاندھلوی ؒ، اسلام اور قادیانیت ایک تقابلی مطالعہ از مولانا عبدالغنی پٹیالوی ؒ اور دیگر منتخب کتب پر مشتمل سیٹ دیئے گئے۔ فالحمد للہ!

اختتامی تقریب ۲؍مئی ۲۰۱۹ء مطابق ۲۷؍شعبان المعظم ۱۴۴۰ھ بروز جمعرات کو صبح نو بجے تا گیارہ بجے منعقد ہوئی۔ چارسدہ، مانسہرہ، مردان، پشاور، خانقاہ سراجیہ، لاہور، چنیوٹ، سیالکوٹ، فیصل آباد، چیچہ وطنی و دیگر شہروں سے مہمانان گرامی نے تقریب میں شرکت کی۔ نماز فجر کے بعد تمام شرکاء کورس اور مہمانان گرامی کو

ناشتہ کرایا گیا۔ پھر تقریب کا آغاز کیا گیا۔ مولانا صاحبزادہ خلیل احمد سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ نے خصوصی شرکت فرمائی۔ رول نمبروں کی ترتیب سے طلباء کو مجلس کے منتخب کتب کے کارٹن اور اسناد تقسیم کی گئیں۔ جن حضرات نے تقریب میں شرکت کی اور اپنے دست مبارک سے طلباء کو انعامات دیئے ان کے اسماء گرامی یہ ہیں:

حضرت مولانا صاحبزادہ خلیل احمد خانقاہ سراجیہ، حضرت پیر رضوان نفیس لاہور، حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی ملتان، حضرت مولانا سیف اللہ خالد چنیوٹ، حضرت قاری عبدالحمید حامد چنیوٹ، حضرت مولانا غلام رسول دین پوری چناب نگر، حضرت مولانا مفتی ظفر اقبال چیچہ وطنی، حضرت مولانا محمد خالد لاہور، حضرت قاری ظہور الحق لاہور، حضرت مولانا سعید احمد لاہور، جناب محمد خالد مسعود ایڈووکیٹ تلہ گنگ، حضرت مولانا غلام مرتضیٰ ڈسکہ، حضرت حاجی محمد منشاء چنیوٹ، جناب حاجی عبدالرحمٰن چارسدہ، حضرت مولانا فقیر اللہ اختر سیالکوٹ، حضرت مولانا غلام مصطفیٰ چناب نگر اور رانا امان اللہ چناب نگر وغیرہ۔

کورس کے دوران تحریری امتحانات کا سلسلہ بھی شروع سے قائم ہے۔ اس سال بھی تین تحریری امتحانات ہوئے۔ اسی طرح تیسرے اور آخری ہفتہ میں پینتیس (۳۵) طلباء کرام کے مابین تقریری مقابلہ بھی ہوا۔ تحریری امتحانات میں اول، دوم اور سوم آنے والے طلباء کرام اور تقریری امتحانات میں اول، دوم اور سوم آنے والے طلباء کرام کو مزید کتب کے سیٹ سے نوازا گیا۔

تقریری مقابلہ میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کرام کی فہرست درج ذیل ہے:

نمبر شمار	رول نمبر	نام مع ولدیت	ضلع	حاصل کردہ نمبر
1	267	محمد تیمور اسامہ بن حافظ محمد منشاء	خانیوال	86 اول
2	435	محمد معاویہ قاسم بن مولانا محمد قاسم	بہاول پور	85 دوم
3	463	محمد آصف بن ملک اللہ دتہ	مظفر گڑھ	84 سوم

تحریری مقابلہ میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کرام کی فہرست درج ذیل ہے:

نمبر شمار	رول نمبر	نام مع ولدیت	ضلع	حاصل کردہ نمبر
1	133	محمد حسین بن محمد موسیٰ	رحیم یار خان	245 اول
2	222	فیاض علی بن نیاز علی	مردان	243 دوم
3	551	محمد افتخار بن نصیر الدین شاہ	کوئٹہ	242 سوم

☆..............................☆

فضائل النبی ﷺ از مسلم شریف

مولانا محمد شاہد ندیم

نبی ﷺ کے نسب کی فضیلت اور آپ ﷺ پر پتھر کا سلام کرنا

۱...... واثلہ بن الاسقعؓ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔ آپ ﷺ فرما رہے تھے کہ اللہ عزوجل نے اولاد اسماعیل علیہ السلام سے کنانہ کو چنا اور کنانہ میں سے قریش کو چنا اور قریش میں سے بنی ہاشم کو چنا اور بنی ہاشم میں سے مجھے چنا۔

۲...... حضرت جابر بن سمرہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ بے شک میں مکہ میں ایک پتھر پہچانتا ہوں جو مجھ پر بعثت سے بھی پہلے سلام کرتا تھا۔ میں اس کو اب بھی پہچانتا ہوں۔

ہمارے نبی ﷺ کی فضیلت تمام مخلوقات پر

۳...... حضرت ابوہریرہؓ بیان فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا میں قیامت کے دن اولاد آدم کا سردار ہوں گا اور میری قبر سب سے پہلے کھولی جائے گی اور میں سب سے پہلے سفارش کروں گا اور سب سے پہلے میری سفارش قبول کی جائے گی۔

نبی ﷺ کے معجزات

۴...... حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے پانی منگوایا ایک پیالہ کشادہ لایا گیا۔ قوم وضو کرنا شروع ہوگئی۔ میرے اندازے میں ساٹھ سے اسی تک لوگ ہوں گے۔ پس میں نے دیکھا کہ نبی کریم ﷺ کی انگلیوں مبارک کے درمیان سے پانی نکل رہا تھا۔

۵...... حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ اور آپ ﷺ کے اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین زوراء جگہ پر تھے۔ زوراء مدینہ شریف میں بازار کے قریب جگہ تھی اور وہاں مسجد بھی تھی، وہاں آپ ﷺ نے پانی کا پیالہ منگوایا۔ اپنی ہتھیلی مبارک اس میں رکھی تو پانی آپ ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے نکل رہا تھا۔ پس تمام اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین نے وضو فرمالیا۔ حضرت قتادہؓ فرماتے ہیں میں نے کہا اے ابوحمزہ کتنے لوگ تھے۔ فرمایا تین سو کے قریب ہوں گے۔ کانوا زهاء الثلث مائة!

۶...... حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ ام مالکؓ نبی ﷺ کے لئے گھی ہدیہ بھیجا کرتی تھیں ایک کپے میں۔ پھر ان کے بیٹے ان کے پاس آتے اور سالن مانگتے۔ لیکن ان کے گھر میں کوئی چیز نہ ہوتی تھی۔ تو ام

مالکؓ اس گھی والے کپے کی طرف جاتیں تو اس میں گھی کو پاتیں۔ اس طرح ان کے گھر کا سالن چلتا رہا۔ پھر ایک دفعہ کپے کو نچوڑ دیا۔ (تو گھی ختم ہوگیا) پھر وہ نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں تو آپ ﷺ نے فرمایا تو نے کپے کو نچوڑ لیا ہوگا۔ انہوں نے فرمایا: جی ہاں! تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر نہ نچوڑتی تو ہمیشہ قائم رہتا۔ قال لو ترکتیھا مازال قائما!

۷...... حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی ﷺ کے پاس آیا۔ کھانا طلب کیا تو آپ ﷺ نے اس کو آدھا وسق (تقریباً ۹۵ سیر کیونکہ ایک وسق ۶۰ صاع کا ہوتا ہے۔ ایک صاع تین سیر چھ چھٹانک تین تولہ کا ہوتا ہے۔ بحوالہ اوزان شرعیہ) جو دے دیئے۔ پس وہ آدمی اور اس کی بیوی اور ان دونوں کے مہمان اس سے کھاتے رہے۔ حتیٰ کہ اس نے اس کا کیل (وزن) کرلیا۔ پھر وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم اس کا وزن نہ کرتے تو ہمیشہ تم اس سے کھاتے رہتے اور وہ تمہارے لئے قائم رہتا۔ فقال لو لم تکلہ لا کلتم منہ ولقام لکم!

۸...... حضرت ابوحمیدؓ فرماتے ہیں کہ غزوہ تبوک میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے تو آپ ﷺ نمازوں کو جمع فرماتے تھے۔ ظہر اور عصر اکٹھی ادا کیں۔ (یہ جمع صوری تھی) اور مغرب اور عشاء کی نماز اکٹھی ادا فرمائی۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ نے ایک دن نماز میں دیر فرمائی۔ پھر آپ ﷺ نکلے اور ظہر اور عصر کی نمازیں اکٹھی ادا فرمائیں۔ پھر آپ ﷺ اندر تشریف لے گئے۔ پھر اس کے بعد آپ ﷺ تشریف لائے اور مغرب اور عشاء کی نمازیں اکٹھی ادا فرمائی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا اگر اللہ نے چاہا تو تم کل تبوک کے چشمے تک پہنچ جاؤ چاشت کے وقت تک۔ پس جو آدمی چشمہ تک پہنچے تو میرے آنے تک چشمے کو نہ چھوئے۔ پس ہم وہاں آئے اور دو آدمی ہم سے آگے چشمہ تک پہنچ گئے اور چشمہ مثل تسمے کے گھس رہا تھا تھوڑے سے پانی سے۔ تو آپ ﷺ نے ان دونوں سے پوچھا کہ کیا تم نے اس چشمے کے پانی کو ہاتھ لگایا ہے تو انہوں نے کہا جی ہاں تو آپ ﷺ نے ان کو ڈانٹ پلائی اور فرمایا جو اللہ نے چاہا! پھر لوگوں نے اپنے ہاتھوں کے ساتھ چشمہ کا تھوڑا تھوڑا پانی ایک برتن میں جمع کیا۔ پھر آپ ﷺ نے اس میں اپنے ہاتھ مبارک اور چہرہ مبارک دھویا پھر وہ پانی اس چشمہ میں ڈال دیا۔ پس پھر چشمہ کا پانی جوش مارنے لگا۔ پس لوگوں نے پانی پی لیا۔ پھر آپ نے فرمایا: اے معاذ اگر تیری زندگی لمبی ہوئی تو دیکھے گا کہ اس چشمہ کا پانی باغات کو سیراب کرے گا۔ ان تری ماء ھا ھنا قد ملئی جنانا!

۹...... حضرت ابوحمیدؓ سے روایت ہے کہ غزوہ تبوک میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے تو ہم وادی قریٰ میں ایک عورت کے باغ پر آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس باغ کا اندازہ لگاؤ تو ہم نے بھی اندازہ لگایا اور رسول اللہ ﷺ نے بھی اندازہ لگایا اور آپ ﷺ نے دس وسق کا اندازہ لگایا اور آپ ﷺ

نے فرمایا۔اس کو شمار کرنا ہم ان شاء اللہ واپسی تیرے پاس سے آئیں گے۔ پھر ہم چلے۔ حتیٰ کہ ہم تبوک آگئے تو آپ ﷺ نے فرمایا تمہارے اوپر آج رات شدید ہوا چلے گی۔تم میں سے کوئی بھی اس ہوا میں کھڑا نہ ہو۔جس آدمی کے پاس اونٹ ہیں وہ اس کی رسی مضبوط باندھ دے۔پس سخت آندھی چلی۔ایک آدمی کھڑا ہوا تو اسے ہوا لے کر اڑ گئی۔ یہاں تک طے کے دونوں پہاڑوں کے درمیان اسے ڈال دیا۔ پھر ابن العلماء جو کہ ایلہ کا سردار تھا اس کا ایک قاصد ایک خط اور ایک سفید خچر ہدیہ لے کر آیا تو آپ ﷺ نے اس کی طرف جواب لکھا اور دھاری دار چادر اس کے لئے ہدیہ کے طور پر بھیجی۔ پھر واپس ہوئے۔ یہاں تک کہ ہم وادی قریٰ میں پہنچے تو آپ ﷺ نے عورت سے باغ کے متعلق پوچھا کہ اس کا پھل کتنا آیا۔اس نے بتایا کہ دس وسق۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے جلدی ہے تم میں سے جو جلدی جانا چاہے تو وہ میرے ساتھ چلے اور جو ٹھہرنا چاہے ٹھہر جائے۔ پس ہم نکلے۔ یہاں تک کہ ہم نے جھانکا مدینہ شریف پر۔تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ طابہ (عمدہ) ہے اور یہ احد ہے اور یہ ایسا پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ انصار کے سب گھروں سے بہتر بنی نجار کے گھر ہیں۔ پھر بنی عبدالاشہل کے گھر، پھر بنی الحارث بن الخزرج کے گھر، پھر بنی ساعدہ کے گھر اور انصار کے سب گھروں میں خیر ہے۔ پس ہم حضرت سعد بن عبادہؓ سے ملے تو حضرت ابواسیدؓ نے ان سے فرمایا: کیا تو نے دیکھا نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انصار کے سب گھروں کی بھلائی بیان فرمائی ہے اور ہمارا نام آخر میں ذکر کیا ہے تو حضرت سعدؓ نے رسول اللہ ﷺ کو پایا تو کہا یا رسول اللہ! آپ نے انصار کے گھروں کی بھلائی بیان کی ہے اور ہمیں سب سے آخر میں کر دیا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہارے لئے اتنا کافی نہیں ہے کہ تمہارا نام خیار لوگوں میں تو آ گیا ہے۔فقال اویس بحسبکم ان تکونوا من الخیار!

حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ کو صدمہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ کی اہلیہ محترمہ اور مولانا محمد احمد مدرس مدرسہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر کی والدہ محترمہ ۳ مئی بروز جمعۃ المبارک کو انتقال فرما گئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحومہ کچھ عرصہ سے علیل تھیں۔قرآن کریم کی تلاوت اور صوم و صلوٰۃ کی پابندی وظیفہ حیات تھا۔ وفات کے اگلے روز صبح نو بجے آبائی علاقہ میں جنازہ ہوا۔ جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑپکا کے شیخ الحدیث حضرت مولانا منیر احمد منور مدظلہ نے جنازہ پڑھایا۔ حضرت مولانا صاحبزادہ عزیز احمد، حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری، حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی اور دیگر علماء و احباب تعزیت کے لئے تشریف لائے۔حق تعالیٰ مرحومہ کی بال بال مغفرت فرمائیں اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی نعمت سے وافر حصہ نصیب فرمائیں۔آمین!

شوال المکرم کی عظیم الشان نسبتیں اور فضائل

مولانا کریم بخش ملتانی

ماہ شوال کی خصوصی فضیلت ایک تو اس وجہ سے ہے کہ یہ مہینہ رمضان المبارک کا پڑوسی ہے اور رمضان کے روزے رکھنے کے بعد اس مہینہ میں چھ روزے رکھنے کی بڑی فضیلت ہے۔ یہی وہ مہینہ ہے جس میں عظیم الشان اسلامی تہوار ''عیدالفطر'' ادا کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اس مہینے کے شروع ہوتے ہی روزے کی فرضیت کا زمانہ مکمل ہو جاتا ہے اور کھانا پینا و دیگر امور جو رمضان المبارک میں رزہ کی حالت میں ممنوع قرار دے دیئے گئے تھے، وہ اب حلال ہو جاتے ہیں۔ اس لئے اس تہوار کا نام ہی عیدالفطر (افطار کی خوشی) تجویز کیا گیا ہے۔ اس دن کی بدولت صدقہ فطر کو لازم کیا گیا اور اس کے عظیم فضائل بیان کئے گئے۔

اس کے علاوہ شوال کے مہینے کو یہ شرف اعزاز بھی حاصل ہے کہ اس مہینے سے اسلام کی اہم عبادت فریضہ ''حج بیت اللہ'' کا زمانہ شروع ہوتا ہے۔ اس لئے اس مہینے کو حج کے مہینوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس طرح اس مہینے کو حج کے ساتھ بھی ایک نسبت ہے جو اس کی فضیلت کے لئے کچھ کم نہیں۔ علاوہ ازیں اس مہینہ کی ابتدائی رات بھی فضیلت کی حامل ہے۔

ماہ شوال کو جو فضیلت اور عظیم الشان نسبت حاصل ہے ان کو ہم مختصراً یوں بیان کر سکتے ہیں:

- ...... اس مہینے کے ابتدائی دن میں اسلام کا عظیم الشان تہوار اسلامی شان و شوکت کے ساتھ انجام دیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حضور شکرانے کے طور پر دوگانہ نماز کا واجب ہونا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر بخشش اور مغفرتوں کا اعلان ہونا۔
- ...... رمضان المبارک کے بخیر و عافیت گزرنے کے بعد اس مہینہ کے ابتدائی دن (عیدالفطر کے روز) صدقہ فطر کا واجب ہونا۔ صدقہ فطر بذات خود بہت سی خیر اور بھلائیوں کا مجموعہ ہے۔
- ...... اس مہینہ کی ابتدائی رات کا بابرکت ہونا۔
- ...... اس مہینے کا حج کے مہینوں میں سے ہونا بلکہ اس مہینے سے حج کے زمانہ کا آغاز ہونا۔
- ...... اس مہینہ میں چھ روزوں کے عظیم الشان فضائل کا ہونا۔ بہرحال شوال کا مہینہ رمضان المبارک کے ساتھ خاص تعلق اور مناسبت رکھتا ہے۔

شوال کے چھ روزوں کی فضیلت

رمضان کے روزوں اور عیدالفطر سے فراغت کے بعد شوال کے مہینے میں چھ روزے رکھنے کی

فضیلت احادیث میں بیان کی گئی ہے۔نمونہ کے طور پر چند احادیث ذیل میں لکھی جارہی ہیں۔

حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے اور اس کے بعد چھ (نفل) روزے شوال (یعنی عید) کے مہینے میں رکھ لئے (پورے سال کے روزے رکھنے کا ثواب ہوگا، اگر ہمیشہ ایسا ہی کرے گا تو) گویا اس نے ساری عمر روزے رکھے۔

طبرانی کی روایت میں یہ اضافہ بھی ملتا ہے کہ ہر دن کا روزہ دس روزوں کے برابر ہے۔

سال بھر روزے رکھنے کے بقدر اجر وثواب

ثواب کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ مہربانی فرمائی ہے کہ ہر عمل کا ثواب کم از کم دس گنا مقرر فرمایا ہے۔ لہٰذا جب کسی نے رمضان کے تیس روزے رکھے اور پھر چھ روزے شوال کے بھی رکھ لئے تو یہ چھتیس روزے ہوگئے۔ چھتیس کو دس سے ضرب دینے سے تین سو ساٹھ ہوجاتے ہیں۔ قمری سال کے حساب سے ایک سال تین سو ساٹھ دن کا ہوتا ہے۔ لہٰذا چھتیس روزے رکھنے پر اللہ تعالیٰ کے نزدیک تین سو ساٹھ دن کا ثواب شمار ہوگا اور ثواب کے اعتبار سے ساری عمر روزہ رکھنے والا مان لیا جائے گا۔

بعض غلط فہمیوں کا ازالہ

بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر عید کے اگلے ہی دن سے یہ روزے شروع کردے تب تو وہ ثواب ملتا ہے ورنہ نہیں ملتا۔ یہ خیال بالکل باطل اور غلط ہے۔ بلکہ اگر شوال کے پورے مہینہ میں بھی ان کو پورا کرلیا تو ثواب مل گیا۔ خواہ عید کے اگلے ہی دن شروع کرے یا بعد کے دنوں میں شروع کرے۔ خواہ پورے چھ روزے لگاتار رکھے یا متفرق طور پر وقفے وقفے سے رکھے، ان شاء اللہ ہر طرح سے ثواب ملے گا۔

بعض لوگ شوال کے ان چھ روزوں میں اپنے سابقہ قضا روزوں کی بھی نیت کرلیتے ہیں کہ چھ روزے شوال کے ہوگئے اور قضا بھی ادا ہوگئی۔ تو خوب سمجھ لیں! کہ ان میں قضا کی نیت کرنے سے شوال کے روزوں کی فضیلت حاصل نہ ہوگی۔ قضا الگ ادا کرے اور ان کے ثواب کے لئے الگ روزے رکھے۔

آج کل بعض لوگ شوال کے مہینے میں نکاح وشادی کو معیوب سمجھتے ہیں اور اس میں بدفالی لیتے ہیں۔ یہ بھی جاہلیت کی بات ہے کہ جاہلیت کے زمانہ میں شوال میں نکاح کرنے کو منحوس سمجھا جاتا تھا۔ اس کی وجہ بعض حضرات نے یہ بیان فرمائی ہے کہ زمانہ جاہلیت میں (عرب میں) ایک مرتبہ شوال کے مہینہ میں طاعون کی وباء پھیل گئی تھی اور اس میں بہت سی دلہنیں مرگئی تھیں۔ اس لئے جاہلیت کے لوگ شوال میں نکاح کو منحوس سمجھنے لگے تھے اور اس مہینہ میں شادی کی کوئی تقریب انجام نہیں دیتے تھے۔

ام المؤمنین حضرت عائشہؓ کی شادی اور رخصتی دونوں شوال کے مہینے میں ہوئیں اور اسی لئے وہ

شوال ہی کے مہینے میں اس قسم کی تقاریب کو پسند فرماتی تھیں اور کہتی تھیں کہ میری شادی اور رخصتی دونوں شوال میں ہوئیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ کی کون سی بیوی حضور اکرم ﷺ کے نزدیک مجھ سے زیادہ خوش قسمت تھی؟

امام نووی ؒ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ کا مقصد اس اعتقاد کو غلط ثابت کرنا تھا جو جاہلیت کے لوگوں کا تھا کہ وہ شوال میں نکاح کرنے کی بدشگونی اور بدفالی لیا کرتے تھے۔

امام نووی ؒ فرماتے ہیں کہ نبی آخرالزمان حضرت محمد ﷺ کے مبارک عمل کی پیروی کرتے ہوئے شوال میں شادی کرنا مؤمن کے لئے مسنون یا مستحب ہے۔ اس سے بعض جاہل اور تنگ نظر افراد کے اس باطل نظریے کی بھی تردید ہو جاتی ہے کہ دونوں عیدوں کے درمیاں نکاح اور رخصتی مکروہ ہے۔

یہ بات خوب سمجھ لینی چاہئے کہ شرعی اعتبار سے کوئی مہینہ یا کوئی دن منحوس نہیں ہے۔ دراصل نحوست انسان کی بداعمالیوں میں ہے۔ نکاح بذات خود کوئی برا عمل نہیں بلکہ حضرات انبیائے کرام علیہم السلام کی سنت ہے اور یہ ایسی عبادت ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضور اکرم ﷺ تک تقریباً سارے انبیاء کرام علیہم السلام نے اس عبادت کو انجام دیا ہے۔ یہ عبادت جنت میں جا کر بھی برقرار رہے گی۔ اس لئے اگر اس عبادت کو شریعت کے بتلائے ہوئے طریقہ کے مطابق انجام دیا جائے تو یہ انتہائی خیر و برکت کا باعث ہوگی اور جس مہینہ یا جس دن میں بھی یہ عمل سنت کے مطابق انجام دیا جائے گا وہ بابرکت ہی ہوگا۔

بدقسمتی سے اکثر لوگ آج کل شادی بیاہ کے موقع پر مختلف گناہوں اور خرابیوں (مثلاً بے پردگی، مردوں اور عورتوں کا مخلوط اجتماع، تصویر سازی، مووی بنانا، گانا بجانا، ڈھول باجے، ناچ گانے، آتش بازی اور فضول خرچی وغیرہ) میں مبتلا ہوتے ہیں لیکن اس طرف توجہ نہیں کرتے کہ ان گناہوں کی وجہ سے یہ نکاح بے برکت ہو جائے گا۔ ان گناہوں کی نحوست بعد میں پیش آنے والے ازدواجی تعلقات اور عائلی و خاندانی تعلقات کے بگاڑ کا سبب بنے گی۔

غیر رمضان میں رمضان کی عبادت کو برقرار نہ رکھنا، ناشکری ہے

رمضان کے روزوں کی توفیق کے مقابلے میں رمضان کے بعد گناہوں کا ارتکاب کرنا یہ ایسا فعل ہے کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ شانہ کی نعمت کے بدلے میں ناشکری کر رہا ہے۔ پس جس شخص کا رمضان کے روزے رکھنے کے بعد یہ ارادہ ہے کہ رمضان پورا ہونے پر دوبارہ گناہوں کی طرف لوٹے گا تو اس کے روزے بھی مردود ہیں اور رحمت کا دروازہ اس کے لئے بند ہے۔

حضرت بشر ؒ سے کہا گیا کہ ایک قوم صرف ماہ رمضان میں خوب عبادت اور مجاہدہ کرتی ہے۔ فرمایا یہ لوگ بہت برے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ شانہ کا حق صرف رمضان میں ہی پہچانتے ہیں۔ نیک بندہ تو وہ ہے کہ جو عبادت و مجاہدہ پورا سال کرے۔ (مواعظ رمضان المبارک ج۳،ص۳۵۶تا۳۶۰)

حج بیت اللہ کی ادائیگی ...... مختصر طریقہ

مولانا حبیب الرحمٰن

حج کی تین قسمیں ہیں: ۱......حج افراد۔ ۲......حج قران۔ ۳......حج تمتع۔

پاکستان اور ہندوستان وغیرہ سے جانے والے اکثر لوگ حج تمتع کرتے ہیں۔ حج تمتع میں میقات سے یا اپنے ملک سے اولاً عمرہ کا احرام اور نیت کر کے سفر شروع کرتے ہیں۔ کعبۃ اللہ پہنچ کر عمرہ ادا کر کے فارغ ہو جاتے ہیں۔ پھر آٹھ ذی الحجہ کو وہیں سے حج کا احرام باندھ کر مناسک حج ادا کئے جاتے ہیں۔ یہ حج تمتع ہے۔

حج کا مختصر طریقہ

حج کے اصل تین فرض ہیں:

۱......نیت حج، احرام اور تلبیہ۔ ۲......وقوف عرفات۔ ۳......طواف زیارت۔

وقوف عرفات: (جو کہ ۹؍ذی الحجہ زوال آفتاب سے شروع ہو کر اگلے دن صبح صادق تک جائز ہے)

طواف زیارت: (جو ۱۰؍ذی الحجہ سے ۱۲؍ذی الحجہ مغرب سے پہلے تک ادا کرنا ہے)

ان دونوں میں زیادہ اہم وقوف عرفات (عرفات کے میدان میں ٹھہرنا) ہے۔

مسئلہ: ان تینوں فرضوں میں سے کوئی ایک چھوٹ جائے تو حج ضائع ہو جائے گا۔

حج کے واجبات چھ ہیں:

۱...... وقوف مزدلفہ: نماز فجر پڑھ کر سورج کے نکلنے تک بیٹھے رہنا دعائیں اور توبہ کرتے رہنا۔

۲...... کنکریاں مارنا: (۱۰؍ذی الحجہ کو آخری شیطان کو مارنا۔ ۱۱اور ۱۲ تینوں کو مارنا)

۳...... قربانی کرنا: (دم شکر ۱۰، ۱۱اور ۱۲؍ذی الحجہ کی عصر تک قربانی کا وقت ہے)

۴...... حلق یعنی سر منڈوانا:

۵...... صفاء مروہ کے درمیان سعی کرنا:

۶...... طواف وداع کرنا: یہ طواف صرف میقات سے باہر رہنے والوں کے لئے واجب ہے۔

تفصیلی طریقہ حج (مردوخواتین)

حج کا احرام: (حج کا پہلا فرض احرام باندھنا)

۸؍ذی الحجہ کی صبح کو حج کے احرام کی نیت سے غسل یا وضو کر کے احرام کی چادریں پہن کر اور

سر ڈھانپ کر دو رکعت نفل احرام حرم شریف میں جا کر پڑھیں یا اپنے ہوٹل میں پڑھ لیں۔ بشرطیکہ مکروہ وقت نہ ہو۔ پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ الکافرون اور دوسری میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص نماز مکمل کر کے سلام پھیر کر قبلہ رو بیٹھے ہوئے سر ننگا کر لیں۔ اب حج کی نیت کریں۔ حج فرض ہے تو فرض کی اور اگر حج نفل ہے تو نفل حج کی نیت کریں۔

حج کی نیت: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْحَجَّ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ (ترجمہ) یااللہ میں آپ کی رضا کے لئے حج کی نیت کرتا ہوں/کرتی ہوں۔ پس آپ اس حج کو میرے لئے آسان کر دیجئے اور میری طرف سے اس کو قبول کر لیجئے۔ آمین! (بدائع الصنائع)

اس کے بعد فوراً اونچی آواز کے ساتھ مرد حضرات تلبیہ پڑھیں۔ ایک مرتبہ تلبیہ پڑھنا فرض ہے اور تین مرتبہ تلبیہ پڑھنا سنت ہے۔ اس کے بعد تین مرتبہ نماز والا درود شریف پڑھ لیں۔ عورتیں یہ عمل آہستہ آواز میں پڑھیں گی۔ اب احرام کی پابندیاں آپ پر لاگو ہو گئیں۔ مرد حضرات چہرہ، سر اور پاؤں کی ابھری ہوئی ہڈی کو کھلا رکھیں اور عورتیں فقط چہرہ کھلا رکھیں۔ بشرطیکہ غیر محرم کے سامنے آ جانے پر چہرہ چھپا لیا کریں اور یہ دعا مسنون بھی پڑھ لیں۔ ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ رِضَاکَ وَالْجَنَّۃَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ سَخَطِکَ وَالنَّار '' (ترجمہ) اے اللہ! میں آپ سے آپ کی رضا اور جنت مانگتا ہوں اور آپ کی ناراضگی اور دوزخ سے پناہ مانگتا ہوں اور اس موقع پر جناب نبی کریم ﷺ نے جو دعائیں مانگیں یا بتلائیں وہ بھی مانگتا ہوں۔ سب کی سب میری طرف سے قبول فرما لیجئے۔ آمین ثم آمین!

حج کا پہلا دن ۸/ذی الحجہ منیٰ روانگی اور قیام

اب حجاج کرام مختصر سا سامان جس میں چادر، نیچے کے لئے دری، جائے نماز اور دوائیاں وغیرہ اٹھا لیں اور باقی سامان کو اپنے کمرے میں تالا وغیرہ لگا کر منیٰ کے لئے روانہ ہو جائیں۔ یاد رہے ہوٹل اور معلم کا کارڈ وغیرہ اپنے ساتھ رکھیں۔ ظہر سے پہلے منیٰ اپنے خیمے میں پہنچ جائیں۔ ظہر، عصر، مغرب عشاء ۹/ذی الحجہ کی نماز فجر باجماعت اپنے خیمے میں ادا کریں۔ درود شریف، چوتھا کلمہ اور سبحان اللہ...... الحمدللہ...... لا الہ الا اللہ، واللہ اکبر...... استغفار اور تلبیہ بڑے اہتمام کے ساتھ پڑھتے رہیں اور خوب دعائیں مانگیں۔

حج کا دوسرا دن عرفات روانگی

۱...... آج کا سنت عمل ۹/ذی الحجہ کی نماز فجر اور تکبیر تشریق ایک مرتبہ بلند آواز سے پڑھنا واجب ہے اور نماز اشراق پڑھنے کے بعد عرفات کے میدان میں زوال شمس سے پہلے پہلے پہنچ جانا ہے۔

نوٹ: حجاج کرام کے رش کی وجہ سے معلم حضرات ۸/ذی الحجہ کی شام کو ہی عشاء کے بعد حاجیوں کو عرفات سے لے جانے کا انتظام کر دیتے ہیں۔ ان کے ساتھ چلے جانا چاہئے۔ مندرجہ ذیل کام ترتیب سے سرانجام دیں۔

پہلا کام: ناشتہ کر کے تھوڑی دیر ضرور آرام کر لیں۔

دوسرا کام: ظہر سے پہلے اٹھ کر کھانا کھا کر غسل یا وضو کریں۔

تیسرا کام: ظہر کی نماز ظہر کے وقت میں خیمہ کے اندر اور عصر کی نماز عصر کے وقت میں اپنے امام کے ساتھ باجماعت ادا کریں۔

نوٹ: ان دونوں نمازوں کی مندرجہ بالا طریقہ کی تفصیل حنفی علماء سے پوچھیں۔ خطبہ حج مسجد نمرہ سے پڑھا جاتا ہے۔ اس کا سننا سنت ہے۔ اگر آواز پہنچ جائے ورنہ اپنے خیمے میں دعا اور اذکار میں مشغول رہیں۔

حج کا رکن اعظم دوسرا فرض وقوف عرفہ

چوتھا کام ظہر کی نماز کے بعد وقوف عرفت جو حج کا رکن اعظم ہے شروع ہو جائے گا۔ اس کا تفصیلی طریقہ ذیل میں درج ہے۔

وقوف عرفہ کا مسنون طریقہ اور حج کی دعائیں

وقوف عرفہ کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ اگر ہمت ہو تو خیمہ سے باہر دھوپ میں قبلہ رخ کھڑے ہو کر عرفات کی دعائیں اور وظیفے پڑھیں...... اگر تھک جائیں تو بیٹھ کر مانگیں۔ دھوپ سے تنگ آ جائیں تو خیمے میں چلے جائیں۔

وظائف اور دعائیں

درود شریف، تلبیہ، چوتھا کلمہ، سورۃ اخلاص، سبحان اللہ، الحمدللہ، لا الہ الا اللہ، اللہ اکبر، استغفار۔ تمام وظائف ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں بہتر ہیں۔ درمیان میں نماز عصر خیمہ میں باجماعت پڑھ کر غروب شمس تک یہ دعائیں اور وظیفے اور حج عمرہ کی قبولیت کی دعائیں مانگتے رہیں۔

نوٹ: جو حاجی غروب شمس سے پہلے عرفات کی حدود سے باہر چلا گیا اس پر دم واجب ہو جائے گا۔

حجاج کرام مرد اور خواتین سے خصوصی گزارش ہے کہ وقوف عرفہ کے ایک ایک منٹ کی قدر کریں۔ اس کو ہرگز برباد نہ کریں۔ گرمی ہو یا سردی آرام ہو یا تھکاوٹ ہو سارے خارجی تقاضے، ملنا جلنا، رابطے، فون وغیرہ ختم کر کے اپنے روٹھے ہوئے رب کو منانے کی اور اپنی بخشش کی دعائیں اور پوری امت کی بخشش، امن،

سلامتی اور اپنے ملک میں امن اور بقاء اور پورے عالم میں اسلام کی بہاریں زندہ ہوں۔ اپنے عزیز واقارب کے حق میں خیر اور بھلائی کی دعائیں اور اپنے متوفین اور متوفیات کے لئے بخشش کے لئے دعائیں مانگتے رہیں۔

روانگی مزدلفہ

غروب شمس کے بعد اجتماعی نظم کے ساتھ یا پیدل مزدلفہ پہنچیں مغرب کی نماز ہرگز ہرگز راستے میں نہیں پڑھنی۔ مزدلفہ کی حدود میں پہنچ کر (اس کی تحقیق اچھی طرح کر لینی چاہیے کہ مزدلفہ کی حدود میں پہنچ گئے ہیں) مغرب اور عشاء کی نماز ایک ہی اذان کے ساتھ اکٹھے ادا فرمائیں۔ دونوں جماعتوں کے درمیان فقط تکبیر تشریق پڑھنی ہے بلکہ عشاء کی جماعت کے بعد پہلے تکبیر تشریق پڑھ کر مغرب کی سنتیں اور پھر عشاء کی سنت، وتر پڑھ لیں اور درود شریف اور اللہ کی حمد وثناء، ذکر، تسبیحات، چوتھا کلمہ، تلاوت، تلبیہ اور استغفار خوب گڑگڑا کر دعائیں مانگیں۔

حج کا پہلا واجب وقوف مزدلفہ

آج کی رات بڑی مبارک رات ہے۔ تفسیر روح المعانی میں ایک حدیث پاک ہے کہ آج مزدلفہ کی رات کی عبادت لیلۃ القدر کی رات والی عبادت سے بہتر ہے اور کچھ دیر سو بھی لیں۔ کیونکہ حضور ﷺ آج رات مزدلفہ کے میدان میں کچھ دیر سوئے تھے۔ رات کو ہی ہر حاجی ستر، ستر چنے کے برابر کنکریاں شاپر میں یا بوتل میں دھو کر جمع کر لیں یا کچھ زائد بھی اٹھا لیں بہتر ہے۔ جب صبح صادق ہو جائے تو اندھیرے ہی میں اوّل وقت اذان دے کر فجر کی سنتیں پڑھ کر فرض باجماعت ادا کریں اور نماز والی جگہ بیٹھ کر درود شریف، سبحان اللہ، الحمدللہ، لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر اور تلبیہ اور چوتھا کلمہ پڑھتے ہوئے خوب گریہ اور زاری کے ساتھ توبہ استغفار اور جائز مرادیں مانگے۔ یہاں بھی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ یہ وقوف مزدلفہ ہے اور حج کا پہلا واجب ہے۔ البتہ خوب روشنی تک یعنی سورج نکلنے کے قریب تک وقوف کئے رکھنا سنت مؤکدہ ہے۔ اس کے بعد منیٰ روانہ ہو جائیں۔

حج کا تیسرا دن ۱۰ ر ذی الحجہ

”آج ۱۰ ر ذی الحجہ ہے۔ حاجیوں پر عید قربانی کی نماز پڑھنا معاف ہے۔“

حج کا دوسرا واجب رمی جمرات

حاجیوں نے آج بہت سے کام کرنے ہیں۔ حج کا دوسرا واجب کام جمرہ عقبہ (بڑے شیطان) کو سات کنکریاں مارنا ہے۔ پہلی کنکری کے مارتے ہی تلبیہ پڑھنا بند کر دیں۔ اس کے بعد حج کے آخری عمل تک کہیں بھی تلبیہ پڑھنا ثابت نہیں۔

کنکری مارنے کا مسنون طریقہ

سنت طریقہ یہ ہے: کنکری کو داہنے ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے پکڑ کر ہاتھ اتنا اونچا اٹھائے کہ بغل نظر آنے لگے۔ کنکری مارتے وقت کھڑا اس انداز سے ہو کہ مسجد خیف دائیں اور مکہ مکرمہ بائیں جانب ہو۔ مسجد خیف سے مکہ کی طرف منہ ہو تو جمرہ عقبہ تیسرا ستون بنتا ہے۔ پہلے دونوں آج چھوڑ دینا ہے اور تیسرے بڑے ستون یعنی بڑے شیطان والی جگہ پہنچ کر ستون کی جڑ میں علیحدہ علیحدہ سات کنکریاں ماریں۔ اکٹھے سات نہ پھینکیں اور ہر ایک کنکری پر مختصر دعائیں، بسم اللہ، اللہ اکبر پڑھیں اور تفصیلی مسنون دعا اگر یاد ہو تو وہ پڑھیں: بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ رَغْمًا لِلشَّيْطَانِ وَرِضًى لِلرَّحْمٰنِ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا ہر کنکری پر یہ دعا پڑھیں۔ یاد رہے آج ۱۰ رذی الحجہ کی کنکری مارنے کا مسنون وقت سورج نکلنے سے زوال تک ہے۔ زوال سے غروب تک کنکری مارنے کا وقت جائز ہے۔ اس کے بعد مکروہ وقت شروع ہو جاتا ہے۔ آج کی کنکریاں مار کر دعا مانگنا ثابت نہیں، کنکریاں مار کر اپنے خیمے میں آجائیں۔

حج کا تیسرا واجب دم شکر یعنی حج کی قربانی

آج کا تیسرا واجب کام دم شکر یعنی قربانی کرنا ہے۔ قربانی کرنا تین دن جائز ہے۔ ۱۰، ۱۱ اور ۱۲ رذی الحجہ غروب شمس تک ہے۔ ان تینوں دنوں میں رات دن قربانی جائز ہے۔

حج کا چوتھا واجب حلق یا قصر

چوتھا واجب کام قربانی کے بعد حلق یا قصر کروانا۔ اس کے بعد غسل کر کے احرام کی چادریں اتار کر سلے ہوئے کپڑے پہن لے۔ اب احرام کی ساری پابندیاں ختم ہوگئی۔ البتہ بیوی کے ساتھ ہمبستری جائز نہیں۔ جب تک طواف زیارت نہ کرلے۔

حج کا تیسرا رکن (فرض)

طواف زیارت آج ۱۰ رذی الحجہ کا چوتھا کام بیت اللہ پہنچ کر طواف زیارت کرنا ہے۔ آج وقت مل جائے۔ اگر مصروفیت اور تھکاوٹ زیادہ ہو تو ۱۲ رذی الحجہ کے غروب تک طواف زیارت کا وقت ہے۔ ۱۲ رذی الحجہ کے بعد مکروہ تحریمی ہے۔

حج کا پانچواں واجب سعی

آج کا پانچواں کام اگر منیٰ جانے سے پہلے حج کی سعی نہیں کی تھی تو طواف زیارت کے ساتھ سعی بھی کرنی لازم ہے۔ یعنی صفاء مروہ کے درمیان سات چکر۔

رات کا قیام منیٰ میں

آج کے دن کا آخری کام طواف زیارت اور سعی کر کے رات منیٰ میں آ کر گزارنی ہے۔ یہ عمل سنت ہے۔ ۱۰؍ذی الحجہ کے کام پورے ہو گئے۔

حج کا چوتھا دن اور ۱۱؍ذی الحجہ

(تینوں جمرات کی رمی) ۱۱؍ذی الحجہ کو زوال شمس سے غروب آفتاب تک سات سات کنکریاں مارنی واجب ہیں۔ غروب کے بعد کنکری مارنا مکروہ ہے۔ اگر عذر یا رش، بیماری کی وجہ سے تاخیر ہو گئی تو مکروہ نہیں۔ طریقہ کنکری مارنے کا وہی ہے جو پہلے گزر چکا ہے۔ البتہ پہلے شیطان پر کنکریاں مار کر قبلہ رو ہاتھ اٹھا کر کھڑے دعا مانگنا مسنون ہے اور یہ قبولیت کا مقام ہے۔ اسی طریقہ پر دوسرے شیطان پر کنکریاں مار کر بھی دعا مانگنا سنت ہے۔ تیسرے شیطان پر کنکریاں مار کر دعا مانگنا ثابت نہیں۔

نوٹ: عاجز، کمزور، بیمار اور اپاہج کی طرف سے کنکری میں نیابت جائز ہے۔ البتہ نائب کو چاہئے پہلے اپنی سات کنکریاں مارے پھر دوسرے کی ''سات'' کنکریاں مارے۔ عورتیں رش کی وجہ سے اگر رات کو کنکریاں ماریں تو بہتر ہے۔

حج کا پانچواں دن ۱۲؍ذی الحجہ

بارھویں تاریخ کو زوال شمس سے غروب شمس تک تینوں جمرات پر کنکریاں مارنا واجب ہے۔ اس کا طریقہ چوتھے دن والا ہے۔ کوئی فرق نہیں۔

نوٹ: آج ۱۲؍ذی الحجہ کی کنکریاں مار کر غروب شمس سے پہلے پہلے منیٰ سے روانہ ہو کر مکہ میں پہنچ جائے تو اگلے دن کی کنکریاں معاف ہو جائیں گی۔ اگر ۱۲؍ذی الحجہ کی غروب تک منیٰ سے نہ نکلا تو ۱۳؍ذی الحجہ کو زوال الشمس تک ٹھہر کر تینوں جمرات کی رمی کرنا واجب ہے۔ ورنہ دم واجب ہو جائے گا۔

''لیجئے آپ کا حج بفضل اللہ مکمل ہو گیا۔''

حج کا چھٹا واجب طواف وداع

البتہ وطن واپس جانے سے پہلے پہلے حج کا آخری واجب طواف وداع کرنا باقی ہے۔ طواف وداع کئے بغیر آپ واپس گھر نہیں جا سکتے۔ البتہ عورت کو مخصوص ایام کا عذر پیش آ جائے تو عورت پر یہ طواف وداع معاف ہو جاتا ہے اور کوئی فدیہ بھی لازم نہیں ہوتا۔ اللہ پاک شرف قبولیت نصیب فرمائیں۔ آمین!

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہ کا خطاب

ضبط وترتیب: مولانا محمد وسیم اسلم

سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۰۱۹ء میں شرکاء کورس سے
مفکر ختم نبوت حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری مدظلہ کا خطاب ہوا
جسے افادہ عام کے لئے ذیل میں تحریر کیا جارہا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں: ادارہ!

الحمدلله وكفى وسلام على عباده الذين اصطفىٰ اما بعد! اعوذ بالله من الشيطٰن الرجيم . بسم الله الرحمٰن الرحيم. اليوم اكملت لكم دينكم واتممت عليكم نعمتي ورضيت لكم الاسلام دينا. صدق الله العظيم . قال رسول الله ﷺ سيكون في امتي ثلاثون كذابون كلهم يزعم انه رسول الله و انا خاتم النبيين لا نبي بعدي. وقال رسول الله ﷺ لايزال طائفةمن امتي ظاهرين على الحق. او كما قال رسول الله ﷺ.

محترم دوستو اور ساتھیو! کورس میں آپ حضرات کا تشریف لانا، آپ سب کو مبارک ہو۔ آپ کے تشریف لانے سے بہت مسرت اور خوشی ہوئی۔ اب میں خالی الذہن ہوں، بوڑھا بھی ہوں۔ ساتھیوں کا حکم بھی ہے تو تھوڑے سے منٹ لوں گا۔ آپ دعا فرماتے جائیں کہ مفید ترین باتیں ذہن میں آتی جائیں۔

ایک حدیث پاک کا مفہوم آپ کو سناتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملائکہ کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ دنیا کا چکر لگائیں۔ تو آسمان سے فرشتے نازل ہوتے ہیں۔ مساجد میں آتے ہیں۔ قرآن کریم کی درسگاہوں میں آتے ہیں۔ دینی کتب جہاں پڑھی جاتی ہیں، اس کا جائزہ لیتے ہیں۔ مسلمان جہاں ذکر کررہے ہوں، اس کے اندر بیٹھتے ہیں۔ کوئی وعظ ونصیحت کی بات ہورہی ہو اس کو وہ گھیر لیتے ہیں۔ اتنی بات سمجھ گئے؟

یہ فرشتے جنہیں اللہ تعالیٰ نے دنیا میں بھیجا تھا کہ میرے بندے جو میرا نام لیتے ہیں، میری ماننے کے جذبے کے ساتھ جیتے ہیں، ان کا جائزہ لو اور ان کو دیکھو۔ اب یہ ساری دنیا میں کثیر تعداد فرشتوں کی ہے۔ جہاں جہاں ان کو موقع ملا، خیر کی باتیں سننے کے بعد پلٹ کر اوپر جاتے ہیں اور عرش الٰہی کے چاروں طرف جمع ہو جاتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں کہ تم دنیا میں گئے تھے، واپس آ گئے؟ تو فرشتے کہتے ہیں کہ:

یا اللہ العالمین! واپس آ گئے۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں کہ وہاں پر کیا دیکھا؟ تو فرشتوں نے جو دیکھا ہوتا اس کا خلاصہ بیان کرتے۔ ایک بات وہ اللہ کے دربار میں یہ بیان کرتے کہ ہم نے آپ کا نام لیتے ہوئے، آپ کا ذکر کرتے ہوئے اور آپ سے توبہ واستغفار کرتے ہوئے آپ کے بندوں کو دیکھا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے پوچھتے ہیں کہ وہ جو میرا تذکرہ کر رہے تھے، میری حمد وثنا بیان کر رہے تھے، مجھ سے استغفار کر رہے تھے تو کیا انہوں نے مجھے دیکھا؟ تمام فرشتے عرض کرتے ہیں کہ ان میں سے کسی نے آپ کو دیکھا نہیں۔ تو اللہ تعالیٰ تمام فرشتوں کو گواہ بنا کر فرماتے ہیں کہ جس نے مجھ سے بخشش مانگی میں نے اس کو معاف کر دیا۔

پھر اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں کہ اور کیا باتیں کرتے تھے؟ فرشتے کہتے ہیں کہ: یا اللہ العالمین! آپ سے آپ کا فضل مانگتے تھے، رحمت مانگتے تھے اور آپ کی جنت مانگتے تھے۔ تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کی بات سن کر فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی رحمت سے ان کو ڈھانپ لیا، اپنے فضل سے ڈھانپ لیا اور میں نے ان کو جنت دے دی۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں کہ جنت مانگتے ہیں، کیا جنت دیکھی بھی ہے انہوں نے؟ مجھے دیکھا بھی ہے انہوں نے؟ تو فرشتے کہتے ہیں کہ: یا اللہ العالمین! انہوں نے نہ آپ کو دیکھا، نہ آپ کی جنت دیکھی، لیکن آپ کی رضا بھی چاہتے تھے اور جنت بھی مانگتے تھے۔

پھر اللہ تعالیٰ فرشتوں سے پوچھتے ہیں کہ اور کیا مانگتے تھے؟ فرشتوں نے کہا کہ آپ کی دوزخ سے پناہ مانگتے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھیں گے کہ کیا جہنم دیکھی انہوں نے؟ تو فرشتے کہیں گے کہ: یا اللہ العالمین! جہنم نہیں دیکھی انہوں نے۔ بس پناہ مانگتے تھے۔ تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے کہیں گے کہ بن دیکھے سزا سے پناہ مانگتے تھے۔ میں نے اس پناہ مانگنے کو پسند کیا اور ان کو معاف کیا۔

آپ کے ہاں بھی فرشتے آئے اور اس میں کوئی شک نہیں۔ حضور ﷺ کے ہر فرمان پر ہمارا ایمان ہے۔ کوئی فرمان اگر سمجھ میں آ جائے تو ہمارا ایمان اور اگر اس مادی دنیا میں کوئی بات ذہن قبول نہ کرے تو بھی ہم یہ بات کہتے ہیں کہ جو ہمارے پیغمبر ﷺ نے فرمایا، حق فرمایا اور سچ فرمایا۔ اسی کا نام ایمان ہے۔

تو فرشتے یقیناً آپ کے یہاں آنے کو، کورس میں شریک ہونے کو، کورس کے بیانات کو، آپ کے نمازیں پڑھنے کو، کتابیں دیکھنے کو، قلم چلانے کو دائیں اور بائیں بیٹھے ضرور نوٹ کر رہے ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتے ہیں کہ مسلمانوں کو فتنوں سے بچا دیں، صحیح ترین ایمان نصیب فرما دیں، اپنی رضا نصیب فرما دیں، اپنی رحمت نصیب فرما دیں، جو مسلمان دین کا کام کرتے ہوئے دنیا سے چلے گئے، انہیں اپنی رحمت سے نواز دیں اور جو لوگ اس وقت دنیا میں باقی ہیں، حفظ کر رہے ہیں، پڑھ رہے ہیں، دینی باتیں سیکھ رہے ہیں یا گمراہ لوگوں کا مقابلہ کر رہے یا اللہ العالمین! اس تمام محنت اور کوشش کو قبول فرما لیجئے۔

میرے محترم دوستو! ہمارے ایک بزرگ تھے، ان کی وفات ۱۹۷۱ء میں ہوئی۔ تو ۱۹۷۱ء کے

قریب زمانہ میں پوری دنیا میں ایک چیز پائی جاتی تھی کہ خلا کے اوپر جاتا ہے۔ تو ایک جہاز خلا کے اوپر گیا، جہاز خراب ہوا اور کہیں پر گرا، دو پائلٹ دنیا سے گئے۔ تو اس وقت یہ ایک جدوجہد تھی کہ مریں یا جئیں لیکن ہم نے اوپر چڑھنا ہے۔ کشش ارض سے نکل کر اوپر دیکھنا ہے کہ کیا ہے۔ تو ہمارے ان بزرگ نے ان واقعات اور اس کوشش پر دس منٹ بیان کیا۔ پھر فرمایا کہ میں نے دس منٹ اس لئے یہ بات بیان کی کہ جلد ہو کہ انسان چاند پر پہنچے تو ہم بھی حضورﷺ کی ختم نبوت کا بورڈ لے کر وہاں جائیں کہ ہم بھی ختم نبوت کا بورڈ لکھیں گے، اور اسے چسپاں کرنے کے لئے سفر کریں گے کہ کائنات میں کوئی جگہ ایسی نہ ہو کہ جہاں نبوت نہ ہو، قرآن کا علم نہ ہو اور حضورﷺ کی ختم نبوت نہ ہو۔

قادیانیوں کا فتنہ اسلامی تاریخ میں تمام فتنوں کے شر سے بڑھ کر خبیث فتنہ تھا۔ فتنہ ایک تو یہ ہے کہ لکھنا، ایک زبان درازی کرنا اور ایک مسلمانوں کو خراب کرنا اور اس کی طرف مائل کرنا۔ اس فتنہ کے ساتھ ساتھ دنیا میں یہ ہوتا رہا کہ جو فتنہ اسلام میں یا اسلام کو خراب کرنے کے لئے اٹھا تو نصرانیوں نے اس کی مدد کی، عیسائیوں نے مدد کی، دھریوں نے اس کی مدد کی اور ان کی یہ مدد چار نے کی، دس نے کی، بیس نے کی۔

لیکن قادیانی فتنہ ایسا ہے کہ کل روئے زمین کے کافر خواہ کسی بھی نظریہ کے ہوں، تمام کے تمام قادیانیت کو سپورٹ کرنے والے تھے۔ ان کو اپنے ملک میں بلانے والے تھے، ان کو فنڈ دینے والے تھے، ان کی طرف داری کرنے والے تھے اور سب سے المناک بات یہ کہ جس خطے میں ہم یہاں رہتے ہیں، جس کی سلامتی اور بقا کے لئے مسلمان دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس خطہ ارض کو سلامت رکھیں، یہاں دین کا بول بالا ہو، یہاں کے حکمران بھی کفار کے ساتھ مل کر قادیانیوں کو سپورٹ کرتے ہیں۔

ہمارے پہلے وزیراعظم قتل ہوئے۔ ان کا نام لیاقت علی خان تھا۔ راولپنڈی میں جلسہ رکھا گیا۔ اس میں لیاقت علی خان کی تقریر رکھی گئی۔ جب لیاقت علی خان اسٹیج پر پہنچے تو اسٹیج پر لیاقت علی خان کو گولی ماردی گئی۔ یہ قادیانیوں کی سازش تھی کہ لیاقت علی خان کو قتل کردیں۔

لیاقت علی خان مرحوم کو قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ ملے تھے جو حضرت شاہ جیؒ کے بعد مجلس کے امیر منتخب ہوئے۔ حضرت مولانا قاضی احسان احمدؒ نے لیاقت علی خان سے کہا کہ قادیانی اس ملک پر قبضہ کرنے کا منصوبہ بنارہے ہیں۔ اس بات کا ایک حوالہ یہ ہے، ایک حوالہ یہ ہے اور تمام مسلمانوں میں یہ بدترین فتنہ ہے۔ قرآن کریم کے متعلق یہ کہتا ہے، حضورﷺ کے نام کی توہین یوں کرتا ہے۔ تو لیاقت علی خان یہ باتیں سنتے رہے، سنتے رہے۔ اس وقت یہ حضرات سیالکوٹ میں تھے۔ اس کے بعد کہنے لگے کہ آپ ان کتابوں کو لے کر اسٹیشن چلے چلیں۔ میں آپ کو اپنے ریلوے کے ڈبہ میں ساتھ بیٹھالوں گا وہاں اطمینان سے بات کریں گے آپ نے تو میرا دماغ ہلادیا ہے۔ قاضی صاحبؒ کا ملنا اور لیاقت علی خان کا

اس رائے سے اتفاق کرنا کہ ملک کو اس فتنہ سے بچا کر رکھنا ہے۔اس پر سازش ہوئی اور لیاقت علی خان قتل کر دیئے گئے۔تو حالات یوں سنگین ہوتے گئے۔اس کے بعد بالکل بے حالی کی صورت میں، یتیمی کی صورت میں، بے کسی کی صورت میں مجلس تحفظ ختم نبوت بنی تھی۔یوں سمجھیں کہ اگر فتنہ قادیانیت نے سر اٹھانا تھا اس کے کچلنے کے لئے جو رجال کار تھے ان میں تکوینی طور پر حضرت سید عطاء شاہ بخاری ؒ بھی تھے۔

حضرت شاہ صاحب ؒ نے ایک جماعت بنائی۔تو ایک مبلغ ایک بستی میں، اور دوسرا مبلغ ایک اور بستی میں، یوں بستیوں میں جانا، قادیانیوں کا تعاقب کرنا، ائمہ مساجد کو ملنا، خطبہ جمعہ دینا، پھر نمبردار سے ملنا اور ان سے کہنا کہ یہ قادیانی فتنہ ہے۔ان سے بچ کر رہنا۔

جو ۱۹۵۳ء کی تحریک ختم نبوت ہے۔اس میں تقریباً پندرہ ہزار مسلمان مال روڈ پر شہید کیے گئے۔ بہت کٹھن وقت گزرا، بہت کٹھن۔پھر اللہ تعالیٰ نے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی جدوجہد، محنت اور کوشش کو قبول کیا۔

حضرت مولانا غلام غوث ہزاروی ؒ ان کا ایک ہی بیٹا تھا اور وہ نزع کی حالت میں تھا تو گھر والے ان کی منت سماجت کرتے رہے۔لیکن انہوں نے کہا کہ میں نے ایک بستی میں قادیانی سے گفتگو کرنے کے لئے مسلمانوں سے وعدہ کر رکھا ہے۔تو بچے کی وفات ہونے کے باوجود گھر سے چلے اور اہلیہ سے کہا کہ اب وفات تو ہو چکی۔میرے ٹھہرنے سے اس نے واپس تو نہیں آنا۔اب جنازہ مسلمان پڑھ لیں گے۔ مسلمانوں کی عزت وتوقیر اور مسئلہ ختم نبوت بیان کرنے کے لئے جہاں وعدہ کیا ہوا ہے مجھے وہاں جانے دیں۔ چنانچہ اس بستی میں چلے گئے اور بیٹے کا جنازہ چھوڑ دیا۔

ہمارے ایک بزرگ تھے۔(حضرت مولانا محمد علی جالندھری ؒ) ان کی ساس بیمار ہوئیں۔ ساس کا حال دیکھنے کے لئے انہوں نے سفر کیا۔شہر سے بارہ، تیرہ اور چوداں میل کا سفر طے کیا۔آدھا دن وہاں ٹھہر کر اپنی میری والدہ سے کہنے لگے کہ اس سے زیادہ میں یہاں ٹھہر نہیں سکتا۔اماں اللہ کے حوالے، اس کو میں بچا تو نہیں سکتا۔جماعت کا دیا ہوا پروگرام بھی چھوڑ نہیں سکتا کہ مسلمان شرمندہ ہوں گے، نادم ہوں گے۔قادیانی ان کا مزاح کریں گے کہ مولوی کو بلایا تھا وہ آیا ہی نہیں۔تو اس وقت میری چھوٹی سے عمر تھی ہماری نانی جان فوت ہو گئیں۔سیڑھی پر چڑھ کر دیکھا کہ والد صاحب جاتے نظر آرہے تھے، اماں سے کہاں کہ والد صاحب نظر آرہے ہیں۔تو اماں نے فرمایا کہ جو وہ کہہ کر چلے گئے ہیں انہوں نے اس پر ہی قائم رہنا ہے، انہیں آواز نہ دو۔

تو مبلغین کی جو شاہ جی ؒ نے جماعت بنائی تھی ان کی محنتوں کا تصور نہیں کر سکتے۔اس وقت تقریر ہوتی تھی بغیر لاؤڈ سپیکر کے۔لوگوں نے کہا کہ لاؤڈ سپیکر لے لیں۔پھر جماعت نے ایک لاؤڈ سپیکر خرید لیا۔

سپیکر کا جوڑ بہ ہوتا اسے ایک مبلغ اپنے سر پر رکھتا، دوسرا مبلغ ایک کی مشین (ایمپلی فائر) کو سر پر رکھتا اور ایک مائک کے اسٹینڈ کو کندھے پر رکھتا۔ یوں تین علماء جارہے ہیں تینوں کے سروں پر اوزار رکھے ہیں۔ تو اتنی جدوجہد، اتنی محنت اور اتنی کوشش سے فتنہ قادیانیت کا تعاقب ہوا۔

میرے محترم دوستو! ۱۹۳۵ء میں قادیانیت کا پہلا کیس عدالت میں گیا۔ نواب بہاول پور ؒ کی ریاست تھی تو جس جج کو کیس حوالے کیا اسے فرمایا کہ عصر تا مغرب آپ میرے پاس ہوں گے۔ عصر بھی میرے پاس پڑھا کریں اور مغرب بھی۔ اس دوران روزانہ عدالت کی کارروائی مجھے سناؤ گے۔ اگر ایسا کر سکیں تو کیس کی سماعت آپ کریں۔ اگر ایسا نہ کرسکیں تو کیس کسی اور کو دے دوں۔ وہ جج اکبر کہنے لگا: حضور! جو آپ کا حکم ہو۔ عصر بھی آپ کے پاس پڑھوں گا۔ مغرب بھی آپ کے پاس پڑھوں گا جو دن بھر کی کارروائی ہوگی۔ وہ بھی آپ کو سناؤں گا۔ تو جج اکبر نے قادیانیت کا پہلا فیصلہ کیا کہ جس خاتون کا شوہر قادیانی ہو جائے تو اس کا نکاح نہیں رہتا۔ اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ نیا نکاح کرلے۔

پھر راولپنڈی میں ۱۹۵۵ء میں ایک کیس آیا، تو اس کا بھی عدالت نے فیصلہ کیا۔ پھر جیمس آباد میں آیا۔ جیمس آباد کی عدالت نے بھی یہی فیصلہ کیا کہ اگر لڑکا قادیانی ہو جائے تو مسلمان بچی کا نکاح نہیں رہتا۔ قادیانیت اختیار کرنا کفر ہے۔ پھر ۱۹۸۵ء میں رابطہ عالم اسلامی نے ایک اجلاس بلایا۔ تمام مسلمان حکومتوں کے مسلمانوں کی باہمی ضروریات کے لئے حج وعمرہ کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے۔ سو ممالک کے آدمی اکٹھے ہوئے۔ پاکستان کی طرف سے جو دو آدمی گئے وہ دونوں قادیانی تھے۔ کتنا اثر ورسوخ تھا اس ملک میں قادیانیوں کا۔ اس کے بعد قومی اسمبلی آئی۔ قومی اسمبلی کے فیصلے پر پھر ہائی کورٹ آیا۔ پھر سپریم کورٹ آیا، پھر وفاقی شرعی عدالت آئی، پھر ان تمام عدالتوں نے فیصلہ دیا کہ قومی اسمبلی کا فیصلہ آئین وقانون مروجہ اور دین اسلام کے اصول کے مطابق صحیح ترین فیصلہ ہے کہ جو شخص ختم نبوت کا انکار کرے یا آپ ﷺ کے بعد دعوئ نبوت کرے۔ وہ دجال اور کذاب ہوتا ہے۔ اس کا اسلام کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔

میرے محترم دوستو! جب معلوم ہوا کہ بیرون ملک بھی ان کا جتھا مضبوط ہو رہا ہے، تو ہمارے مولانا لال حسین اختر ؒ نے برطانیہ کا سفر کیا۔ کینیڈا کا سفر کیا۔ پھر وہاں مسلمان مراکز کو اس فتنہ سے آگاہ کیا۔ یہاں سے کتابیں منگوائیں۔ لٹریچر منگوایا۔ اس طرح سے مجلس تحفظ ختم نبوت کے بزرگوں کو توفیق دی اللہ تعالیٰ نے کام کی اور محنت کی کہ نہ دن دیکھا، نہ رات دیکھی، بس کوشش کرتے رہے اور قادیانیت کا تعاقب کرتے رہے۔ جس چک میں بھی کوئی قادیانی کھڑا ہوتا وہاں ہمارے بزرگ مناظرہ کے لئے تیار ہوتے۔

ہمارے یہ بزرگ مولانا لال حسین اختر ؒ بستی میں چلے جاتے اور مسلمانوں کو کہتے کہ کوئی شرط نہیں آپ جو چاہیں سوال کریں اس سوال کا جواب دوں گا۔ تو چوک میں بیٹھ جاتے، قادیانی ایک سوال کرتا،

دوسرا سوال کرتا، آخر کار قادیانی بھاگ جاتا اور مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت ہوتی۔ دین کی اور ختم نبوت کی حفاظت یوں کیا کرتے۔

ہمارے ایک اور بزرگ تھے حضرت مولانا محمد حیات ؒ۔ وہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ پہلے شرط لگاؤں گا کہ کیا سوال کر سکتے ہو اور کیا سوال نہیں کر سکتے۔ یا لکھ کر دو کہ کیا سوال کرو گے۔ اس کے علاوہ سوال کرنے نہیں دوں گا اور چار مسلمان تیرے پیچھے بیٹھاؤں گا اور پھر اٹھ کر بھاگنے بھی نہیں دوں گا۔ بہت میٹھے مزاج کے تھے اور چہرے پر قدرتی طور پر بال نہیں تھے۔ اللہ پاک نے ان دونوں بزرگوں کو بڑی صلاحیتیں دیں تھیں۔ بڑے علوم دیئے تھے۔ بڑی کتابیں انہیں نے قادیانیوں کی کھرل کی تھیں۔ تا آنکہ آج کا دن آ گیا۔

آج کے دن بھی آپ حضرات کی بہت ضرورت ہے۔ وہ ضرورت یہ کہ جہاں بھی آپ کی رہائش ہے۔ آپ دائیں بائیں نظر رکھیں گے کہ پچاس میل، ساٹھ میل، ستر میل کے فاصلے تک کوئی قادیانی گمراہی نہ پھیلا رہا ہو۔ کسی مسلمان کے ایمان کو تباہ نہ کر رہا ہو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ نے آپ کو آنے کا شوق بخشا اور کورس میں جذبے اور ولولے کے ساتھ بیٹھنے کا شوق بخشا۔ جب آپ گھر جائیں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کے اس شوق کو کئی درجہ بڑھا دیں گے۔ آپ کو ایک دھن لگ جائے گی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے کہ کورس کیا ہے تو یہ توفیق بھی دیں کہ میں قادیانیت کا تعاقب کروں۔ اگر آپ ایک ہزار یا گیارہ سو کی تعداد میں ہیں تو آپ میں سے ہر ایک کا وجود مستقل ایک دفتر ہے۔ جس بستی میں رہیں، جس کالونی میں رہیں، جس شہر میں رہیں آپ کے دماغ میں یہ خلجان ہوگا کہ کوئی قادیانی توہین کی بات نہ کرے، کسی مسلمان کے ایمان کو تباہ و برباد نہ کرے۔ ان شاء اللہ آپ حضرات ایسا ہی کریں گے۔

میرے محترم دوستو! قرآن کریم میں ایک آیت ہے سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق ’’وانہ لعلم للساعۃ ‘‘ کہ ہمارے پیغمبر عیسیٰ علیہ السلام جو ہیں وہ قیامت کے آنے کی نشانی ہیں۔ ان کا دنیا میں آنا دو دفعہ ہے۔ ایک دفعہ وہ ماں کے پیٹ میں آئے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نانی کا ذکر قرآن کریم میں کیا۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آنے کے پانچ سو اکہتر سال بعد قرآن کریم نازل ہوا۔ پوری دنیا کے عیسائی اور یہودی قرآن کریم کو اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں مانتے۔ حضور ﷺ کی نبوت نہیں مانتے۔ ایک چکر دیا یہودیوں نے کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ کی توہین میں غلو کیا۔ عیسائیوں نے ان کا مرتبہ بڑھانے میں غلو کیا۔ عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا کہا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو ملا کر تثلیث بنائی، الوہیت مسیح بنائی، کفارہ بنایا۔ یہ سب چیزیں انہوں نے گھڑ لیں۔ یوں عیسائی بھی گمراہ ہوئے اور یہودی بھی گمراہ ہوئے۔ راہ ہدایت سے دونوں ہٹ گئے۔ اب قرآن کریم آیا۔ تو ایک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آنا ہے ماں کی گود میں۔ پھر اللہ تعالیٰ

نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کمال درجہ کے معجزات عطا کئے۔ حضرت مریم علیہا السلام کو کرامات عطا کیں۔

ایک مسلمان حضرت مولانا محمد یوسف ﷫ کے پاس ایک قادیانی کو لے کر آیا اور پوچھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟ فرمانے لگے کہ میں کیا کہتا ہوں: اللہ میاں سے پوچھ لو۔ جو اللہ تعالیٰ فرمادیں وہ حق ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان کیا ہے اس کے لئے قرآن کریم دیکھ لو۔ قرآن کریم میں ہے: ''وانہ لعلم للساعۃ'' قیامت تو آنی ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آنا قیامت کی نشانیوں میں سے ہے۔ حضور ﷺ نے یہ بتایا کہ عیسیٰ پیغمبر آسمان پر ہیں اور وہ قیامت سے پہلے نازل ہوں گے۔ جب وہ دوبارہ آئیں گے تو اس وقت آئیں گے جب دجال آچکا ہوگا، اس وقت آئیں گے جب مہدی علیہ الرضوان آچکے ہوں گے، آکر قتل دجال کریں گے۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ دین پر جمے رہنا اور دین کی حفاظت کرنا۔ کل روئے زمین کے کفار وہ مسلمانوں کے خلاف جمع ہوں گے اور ایک اجتماع کے اندر مسلمانوں میں سے ایک مسلمان بھی زندہ نہیں بچے گا۔ جتنے مسلمان جہاد کو جائیں گے تمام کی لاشوں کے ڈھیر لگ جائیں گے۔ حضور ﷺ فرمانے لگے کہ بدر کے جو شہداء کرام تھے اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کی جتنی قدر و قیمت تھی اور ان کو جو ثواب بخشا تھا، ان شہداء کو بھی اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا بدر کے شہداء کو ملا ہے۔ یہ ایک کٹھن وقت مسلمانوں پر آئے گا۔

حضور ﷺ فرمانے لگے کہ ایک وقت آئے گا کہ قسطنطنیہ مسلمانوں کے پاس نہیں رہے گا۔ ترکی مسلمانوں کے پاس نہیں رہے گا۔ اردن مسلمانوں کے پاس نہیں رہے گا اور عرب کے اکثر ملک مسلمانوں کے پاس نہیں رہیں گے۔ یہ قرب قیامت کے منظر ہیں۔ لیکن اس تمام کفار کے جتھے کے باوجود مسلمان ڈٹے رہیں گے، ثابت قدم رہیں گے، دین حق کے لئے کوشش کرتے رہیں گے اور کوئی طاقت بتا نہیں سکتی کہ مسلمانوں میں اتنی جرأت کہاں سے آئے گی۔ الا یہ کہ اللہ تعالیٰ اتنی جرأت اس سنگین حالات میں مسلمانوں کو عطاء کردیں گے۔ مسلمان کل روئے زمین سے سفر کرتے کرتے شام میں جتھا بناتے جائیں گے۔ پھر سیدنا مہدی علیہ الرضوان سے جہاد میں کفار کا خاتمہ ہوگا۔ مسلمانوں کو غلبہ ہوگا۔ پھر دجال ظاہر ہوگا۔

جب آخری دن ہوگا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں دوبارہ تشریف لائیں گے۔ پہلی مرتبہ ماں کی گود میں آئے تھے اور دوسری مرتبہ آسمان سے دوبارہ آئیں گے تو ''وانہ لعلم للساعۃ'' اب مسلمان سمجھ لیں کہ قیامت قریب ہے۔

حضور ﷺ فرمانے لگے کہ اللہ تعالیٰ کی حکمت سے تمام مسلمانوں کو چھینکیں آئیں گی۔ ذرہ سا نزلہ ہوگا اور کچھ ہی دیر میں تمام مسلمان فوت ہوجائیں گے۔ تو روئے زمین سے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اٹھالیں گے مزید دنیا میں نہیں رکھیں گے۔ جب سے دنیا قائم ہوگی جتنی طویل جنگ، جتنی لمبی جنگ، جتنے اہل حق کا شہید

ہونا شام کے علاقہ میں ہے اس سے پہلے کائنات میں کبھی نہیں ہوگا۔ یہ حضور ﷺ کے امتی ہوں گے، قرآن کریم کو ماننے والے ہوں گے، فکر آخرت ان کے دل میں ہوگی، جانیں قربان کردیں گے، لیکن قدم پیچھے نہیں ہٹائیں گے۔ مسلمان آج بھی قدم پیچھے نہیں اٹھاتا۔

مسلمان امن پسند ہے۔ وہ جہاں بھی ہے دین کا محافظ ہے۔ حضور ﷺ کی عزت و ناموس کی حفاظت کو پسند کرتا ہے۔ دین کے پھیلانے کو پسند کرتا ہے اور دین کے بگاڑ کو ناپسند کرتا ہے۔ اس کو ناگوار گزرتا ہے۔ جتنے عقلاء اکٹھے ہوکر سوچیں گے مسلمان آنے والے حالات میں، کفار کے چکر اور دجل وفریب میں کیسے زندہ رہیں گے تو یہ سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے کوئی نہیں جان سکتا۔ بس زندہ رہیں گے، دین پر رہیں گے، دین کی حفاظت کریں گے اور کفار کا مقابلہ کرتے رہیں گے۔ ان میں سے ایک آپ کا آنا بھی ہے۔ اعلان کا سننا، آپ کے دلوں میں آنا، پھر چلنا، سفر کرنا۔ جب ہم اپنے اپنے علاقوں میں چلیں جائیں تو اللہ تعالیٰ ان کفار کے مقابلہ میں ختم نبوت کی حفاظت کا طریقہ، سلیقہ، جذبہ اور ولولہ عطا فرمائے۔

جتنے اختلاف اس وقت مسلمانوں میں ہیں یہ ایک آدمی کی وجہ سے ایک فتنہ، پھر ایک اور آدمی کی وجہ سے ایک اور فتنہ، ایک مسئلہ ایک آدمی گھڑتا ہے اس کی وجہ سے اس بستی میں افراتفری، اس کالونی میں افراتفری، اس شہر میں کھچاؤ، تناؤ، یہ افراد کم ہوتے جائیں گے اور صحیح دین بیان کرنے والے باقی رہیں گے۔ جو صحیح دین بیان کریں گے، خیر خواہی سے بیان کریں گے، الفت سے بیان کریں گے تو مسلمان جڑتے چلے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو طاقت دیں گے۔

ایک طاقت یہ ہے کہ کفر کے پاس جتنی طاقت ہوگی وہ ختم ہوجائے گی۔ ایک صورت یہ ہے جو مولانا سید حامد میاں نے انوار مدینہ میں ایک مضمون میں لکھا کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اتنی ایٹمی قوت عطا فرمادیں جتنی ان کو کفر سے بچنے کے لئے اور کفر کو زیر کرنے کے لئے ضرورت ہو۔ تو ایٹمی طاقت بھی اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو دے سکتے ہیں اور کفار کی طاقت کو بھی اللہ تعالیٰ ختم کرسکتے ہیں۔ کوئی بھی صورت ہو خواہ کفار کی طاقت ختم ہو خواہ مسلمانوں کو طاقت مل جائے، غلبہ بہر حال اسلام کو نصیب ہوگا۔ تو اس غلبہ کے انتظار میں وقت گزاریں۔ نماز پڑھیں تو دل میں خیال کریں کہ اللہ تعالیٰ ابتلاء سے بچائیں۔ سلامتی اور ایمان کے ساتھ زندہ رہوں اور دنیا سے اٹھالیا جاؤں۔ اگر ابتلاء آجائے تو پھر اللہ تعالیٰ ثابت قدمی نصیب فرمائیں۔ پھر سب سے بڑی خوش قسمتی دین کی حفاظت، قرآن کی حفاظت، مسلمانوں کی حفاظت، شعائر اسلام کی حفاظت کے لئے مرمٹنا، حسب فرمان حضور ﷺ یہ کام امت اخیر تک کرتی رہے گی۔ ان شاء اللہ!

واخر دعونا ان الحمد للہ رب العالمین!

جناب بھٹو صاحب اور رد قادیانیت

قسط نمبر:1

مولانا اللہ وسایا

جناب کرنل رفیع الدین صاحب راولپنڈی کے سابق سیکورٹی سپرنٹنڈنٹ نے ایک کتاب لکھی ہے:''بھٹو صاحب کے آخری ۳۲۳ دن'' جسے نظریہ پاکستان اکیڈمی پرانی انارکلی لاہور نے شائع کی ہے۔ اس کتاب کے ص اے پر احمدیہ مسئلہ کی سرخی کے تحت لکھا ہے:''احمدیہ مسئلہ'' یہ ایک ایسا مسئلہ تھا جس پر بھٹو صاحب نے کئی بار کچھ نہ کچھ کہا:''ایک دفعہ کہنے لگے رفیع یہ لوگ چاہتے تھے کہ ہم ان کو پاکستان میں وہ مرتبہ دیں جو یہودیوں کو امریکہ میں حاصل ہے۔ یعنی ہماری ہر پالیسی ان کی مرضی کے مطابق چلے۔ ایک بار انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی نے ان کو غیر مسلم قرار دیا ہے۔ اس میں میرا کیا قصور ہے۔ پھر ایک دن اچانک مجھ سے پوچھا کہ کرنل رفیع کیا احمدی آج کل یہ کہہ رہے ہیں کہ میری موجودہ مصیبتیں ان کے خلیفہ کی بددعا کا نتیجہ ہیں کہ میں کال کوٹھڑی میں پڑا ہوا ہوں۔ ایک مرتبہ کہنے لگے کہ بھئی اگر ان کے اعتقاد کو دیکھا جائے تو حضرت محمد ﷺ کو آخری پیغمبر ہی نہیں مانتے اور اگر وہ مجھے ہی اپنے آپ کو غیر مسلم قرار دینے کا ذمہ دار ٹھہراتے ہیں تو کوئی بات نہیں۔ پھر کہنے لگے میں تو بڑا گنہگار ہوں اور کیا معلوم کہ میرا یہ عمل ہی میرے گناہوں کی تلافی کر جائے اور اللہ میرے تمام گناہ اس نیک عمل کی بدولت معاف کر دے۔''

جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے عہد اقتدار میں جناب کوثر نیازی مذہبی امور کے وفاقی وزیر تھے۔ انہوں نے بھٹو صاحب پر''دیدہ ور داستان حیات'' ایک کتاب لکھی ہے جس کے صفحہ ۱۰۸ پر لکھتے ہیں کہ ملتان میں بھٹو صاحب نے شیزان ہوٹل کے استقبالیہ میں خطاب کرنا تھا۔ گورنر کے کہنے پر کمشنر ملتان نے سرکاری کارندوں کے ذریعے اس پر حملہ کرایا۔ پیپلز پارٹی کے جیالوں اور شیزان ہوٹل کے کارندوں نے ان سرکاری غنڈوں کو بھاگنے پر مجبور کر دیا۔

نوٹ: یاد رہے شیزان قادیانیوں کا ہوٹل ہے۔ جناب بھٹو کو لانے اور پیپلز پارٹی کو پروان چڑھانے کے لئے قادیانیوں نے بھرپور زور لگایا لیکن اللہ تعالیٰ نے جیسے موسیٰ علیہ السلام کی پرورش فرعون کے گھر میں کرائی پھر اسی موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں فرعون کو غرق کرایا۔ اسی طرح جسے قادیانی اپنا پشتیبان سمجھ کر آگے لائے۔ اسی ذوالفقار علی بھٹو کے ہاتھوں قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دلوایا۔ سچ ہے:''ان اللہ علی کل شی قدیر''

جناب ذوالفقار علی بھٹو مرحوم نے خود ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام ہے:''اگر مجھے قتل کر دیا گیا''

بھٹو لیگسی فاؤنڈیشن نیو گارڈن لاہور نے شائع کی ہے۔اس کتاب کے ص ۱۱ پر بھٹو صاحب لکھتے ہیں:''احمدی مذہب سے تعلق رکھنے والے سیکرٹری برائے الیکشن کمیشن مسٹر اے.زیڈ فاروقی نے وائٹ پیپر پڑھنے والوں کے ذہنوں میں میرے خلاف تعصب کو ہوا دینے کے لئے من گھڑت بہتان باندھے۔اس خوشنما جھوٹ کی مثال وائٹ پیپر کے ص ۱۵۰ پر موجود ہے۔مسٹر اے.زیڈ فاروقی کی نیت اس بات سے عیاں ہو جاتی ہے جب اس نے چیف الیکشن کمشنر کے ساتھ ہونے والی اپنی ٹیلی فون گفتگو کے بارے میں آگاہ کیا تھا۔میرے اوپر الزام تھا کہ میں نے الیکشن کمیشن کی تشہیری مہم کے محرکات پر اپنی برہمی اور غصے کا اظہار کیا تھا۔''

اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۳۹ پر مسٹر اے.زیڈ فاروقی قادیانی کے متعلق بھٹو صاحب نے لکھا ہے۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن مسٹر اے.زیڈ فاروقی (قادیانی) جن کا کام ہی سنی سنائی باتوں کے ذریعے میرے خلاف نیش زنی کرنا ہے۔

اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۴۵ پر لکھتے ہیں:''سیکرٹری برائے الیکشن کمیشن کو اکساتی ہے کہ وہ سجاد احمد جان کا سہارا لے کر اتنی بات میں دھاندلی کا دعویٰ کریں۔حیرانگی کی بات یہ ہے کہ ایک شخص جو مبینہ دھاندلی کا اہم گواہ ہو اس کی جانب سے کسی قسم کا مستند اعلان سامنے نہیں آیا۔''

اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۵۱ پر بھٹو صاحب لکھتے ہیں:''وائٹ پیپر'' کے مرتبین (اے.زیڈ فاروقی وغیرہ) کے دلوں میں جتنی نفرت میری ذات سے تھی اتنی ہی نفرت انہیں یحیٰی بختیار سے بھی تھی۔

یاد رہے کہ قادیانی جس طرح بھٹو صاحب کے خلاف تھے۔اسی طرح یحیٰی بختیار سے بھی قادیانی بغض رکھتے تھے کہ انہوں نے قومی اسمبلی میں قادیانی کفر کو الم نشرح کیا تھا۔

اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۱۱۴ پر بھٹو صاحب لکھتے ہیں:''الیکشن کمیشن مسٹر زیڈ.اے فاروقی (قادیانی) نے سنی سنائی باتوں پر کان دیئے ہیں اور اس جھوٹی اور کینہ پرور شہادت کی وجہ ان کا جانا پہچانا تعصب ہے جو وہ میرے خلاف دل میں رکھتے تھے۔مسٹر فاروقی این.اے زیڈ فاروقی کے بھتیجے ہیں جن کی زوجہ مسعود محمود کی بیوی کی بہن ہے جو بذات خود لاہور میں مقدمہ قتل میں اہم سلطانی گواہ ہے۔''

یاد رہے زیڈ.اے فاروقی قادیانی کی طرح مسعود محمود بھی مبینہ طور پر قادیانی تھا جو فاروقی کا بھتیجا بھی تھا اور ہم زلف بھی۔بھٹو صاحب کے خلاف مقدمہ قتل قصوری کیس میں مسعود محمود قادیانی اصل گواہ تھا۔

جناب بھٹو صاحب نے اسی کتاب کے صفحہ ۱۱۹ پر یحیٰی بختیار کے متعلق لکھا ہے:''انہوں نے اٹارنی جنرل کے طور پر پاکستان کے لئے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔خاص طور پر احمدیوں کے حساس ترین مسئلے کو بڑی کامیابی کے ساتھ پارلیمنٹ میں چلایا۔''

اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۱۳۲ پر جناب بھٹو صاحب نے مسعود محمود مبینہ قادیانی کے متعلق لکھا: مسعود

محمود نے تمام ذمہ داری اپنے ماتحتوں پر ڈال دی اور بدلے میں ماتحتوں نے ساری ذمہ داری ان پر ڈالنے کی کوشش کی۔

جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے اپنی اسی کتاب کے صفحہ ۱۵۸ پر لکھا: ''لوگوں نے اسلام کے نام پر پاکستان بنایا ہے۔ یہ قابل قبول ہے لیکن اسلام صرف پاکستان کے اندر موجود نہیں ہے۔ اسلام تمام دنیا کے لئے خدائے بزرگ و برتر کا آخری پیغام ہے اور یہ پیغام صرف پاکستان کے لوگوں کے لئے نہیں ہے۔ قرآن پاک میں موجود ہے کہ ''خدا رب العالمین'' ہے۔''

اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۲۰۵ پر جناب بھٹو صاحب لکھتے ہیں: ''نوے سالہ پرانے احمدی مسئلہ کو حل کرنا تھا۔''

جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۲۵۹ پر لکھا ہے کہ: ''اللہ تعالیٰ کے آخری رسول نے ہی مسجد میں لوگوں کو انصاف دیا تھا۔''

جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے اسی کتاب کے صفحہ نمبر ۲۸۰، ۲۸۱ پر لکھا ہے: ''ماحول کو مسموم بنانے کے لئے وائٹ پیپر نے عام لوگوں کو تعصب کے زہر سے آلودہ کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ خاص طور پر ایسے وقت ان لوگوں کو جن کا تعلق میری سمت کے ساتھ جڑ چکا ہے۔ وائٹ پیپر میں تعصب کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ میں پہلے بھی اس کا ذکر کر چکا ہوں کہ سیکرٹری الیکشن کمیشن مسٹر اے. زیڈ فاروقی قادیانی کے ذریعے وائٹ پیپر میں میرے خلاف آزادی اور نفرت ابھارنے کی کوشش کی جا چکی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر مسٹر سجاد احمد خان ایسا کوئی ثبوت پیش نہیں کر سکے کہ میں نے ٹیلی فون پر مبینہ طور پر ان سے قائداعظم اور علامہ اقبال کی تشہیر کے متعلق کوئی بات کی تھی پر بات وہ نہ اب کرتے ہیں اور نہ ہی انہوں نے پہلے کبھی کی تھی۔ تاہم مسٹر الیف. اے فاروقی (قادیانی) کے بھائی سب سے بڑے سلطانی گواہ مسعود محمود کے بہنوئی مسٹر اے. زیڈ فاروقی ۲۴ رمئی ۱۹۷۸ء کو ایف. آئی. اے کے سامنے بدنام ترین ضمنی بیانات میں سے ایک بیان میں کہتا ہے کہ چیف الیکشن کمیشن نے انہیں ٹیلی فون پر وہ بتایا جو میں نے ٹیلی فون پر چیف الیکشن کمشنر کو کہا تھا کہ کیا تم اپنی تشہیر کے ذریعے ہمیں تباہ کرنا چاہتے ہو؟ تم مسلسل قائداعظم اور علامہ اقبال کا حوالہ دے رہے ہو۔''

اسی طرح اسی کتاب کے صفحہ ۲۸۳، ۲۸۶ پر بھی فاروقی اور مسعود محمود قادیانیوں کا ذکر کیا ہے۔

اسی کتاب کے صفحہ ۳۱۶ پر لکھا ہے: ''سازشی اور خوشامدانہ ذہن رکھنے والے لوگوں میں انٹیلی جنس بیورو میں میاں انور علی بھی شامل تھے۔''

اسی طرح ص ۳۱۸ پر بھٹو صاحب نے لکھا کہ میاں انور علی بے شرمی کی حد تک چاپلوس سرکاری افسر تھا۔ یاد رہے کہ یہی انور علی تھا جس نے تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء کو تشدد کی بھینٹ چڑھایا تھا۔

جماعت نہم کی نصابی کتاب سے عقیدۂ ختم نبوت کا افسوسناک اخراج

مولانا زاہد الراشدی

مسلمانوں کی نئی نسل کو اسلامی عقائد و احکام کی تعلیم سے آراستہ کرنا کسی بھی مسلم ملک کی حکومت و ریاست کی ذمہ داری ہے اور نو آبادیاتی اور غلامی سے قبل ہزار بارہ سو سال تک مسلمان حکومتیں اس فریضہ سے عہدہ برآ ہوتی چلی آ رہی ہیں۔ البتہ بہت سے مسلم ممالک پر استعمار کے تسلط اور نو آبادیاتی ماحول قائم ہونے کے بعد قابض غیر مسلم حکومتوں نے اسے اپنی ریاستی و حکومتی پالیسی سے خارج کر دیا ہے۔ جبکہ برصغیر پاک و ہند میں تو برطانوی حکومت نے جو نئی تعلیمی پالیسی دی۔ اس پالیسی کے مرتب لارڈ میکالے نے صاف طور پر کہہ دیا کہ ہم ایک ایسا نظام تعلیم دے رہے ہیں جس سے تعلیم و تربیت پانے والا مسلمان اپنے دین پر قائم نہیں رہ سکے گا۔

چنانچہ اسی لئے مستقبل کے خدشات پر نظر رکھنے والے علماء کرام اور اہل دانش نے دینی تعلیم کا الگ سے پرائیویٹ نظام قائم کر کے مسجد و محلہ کی سطح پر قرآن کریم اور دینیات کی تعلیم کا ماحول بنایا۔ دینی مدارس کا ایک وسیع جال پورے جنوبی ایشیا میں پھیل گیا۔ جو آج بھی پورے عزم و حوصلہ کے ساتھ مسلمان بچوں کو دینی تعلیمات سے بہرہ ور کرنے اور ان کے عقیدہ و ثقافت کی حفاظت میں مصروف ہے۔

یہ سلسلہ برطانوی استعمار سے ملک کی آزادی اور اسلامی تہذیب و ثقافت کے تحفظ و فروغ کے نام پر ایک الگ مسلم ریاست پاکستان کے نظام سے قائم ہو جانے کے بعد اس ملک کے حکمرانوں کی ذمہ داری تھی کہ وہ پاکستان کے بچوں اور بچیوں کو قرآن و سنت کی تعلیمات سے آراستہ کریں۔ مگر ستر سال گزر جانے کے باوجود ابھی تک ایسا نہیں ہو سکا۔ دینی تعلیم کی تمام تر ذمہ داری دینی مدارس کے سپرد کر دی گئی ہے جو بے سرو سامانی کے باوجود بلکہ مسلسل کردار کشی اور دباؤ کے ہوتے ہوئے بھی بحمد للہ اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔

جبکہ موجودہ حکومت کی طرف سے دینی اور عصری تعلیم کے دونوں نصابوں کو یکجا کرنے کے بار بار اعلانات کے بعد وفاقی وزیر تعلیم کے حوالہ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ پرائیویٹ سکولوں کا وسیع ترسسٹم جو او لیول، آکسفورڈ اور کیمبرج جیسے مغربی ٹائیٹلز کے ساتھ اپنا دائرہ دن بدن وسیع کرتا جا رہا ہے۔ وہ دونوں تعلیمی نصابوں کی یکجائی کو قبول کرنے پر تیار نہیں ہے۔ یعنی وہ اپنے نصاب کے ساتھ قرآن و سنت اور دینیات کی تعلیم کو اپنے تعلیمی نظام میں شامل کرنے سے گریزاں ہے جس سے دونوں نصابوں کو جمع کر کے مشترکہ نصاب تعلیم رائج کرنے کا منصوبہ کھٹائی میں پڑ گیا ہے۔

حالانکہ دینی مدارس نے اپنے نظام میں میٹرک تک نصاب کو شامل کر لیا ہے اور اپنے تشخص وامتیاز کو باقی رکھتے ہوئے اگلے مراحل سے بھی انہیں انکار نہیں ہے۔ اس کے ساتھ ایک اور پہلو بھی قابل توجہ ہے کہ ریاستی نظام تعلیم میں دینی تعلیمات کو جو بہت تھوڑا حصہ شامل ہے۔ اسے نہ صرف یہ کہ مسلسل کم کیا جارہا ہے۔ بلکہ اس میں ایسی تبدیلیاں بھی سامنے آرہی ہیں جو بنیادی اسلامی عقائد کے منافی ہیں اور مسلمانوں کے اجماعی عقائد وروایات سے متصادم ہیں۔ مثال کے طور پر بعض حلقوں کی طرف سے یہ شکایت کی گئی ہے کہ مطالعہ پاکستان کے جماعت نہم کے نصاب میں عقیدۂ ختم نبوت کو تبدیل کر دیا گیا ہے۔ جس کی تفصیل یہ بیان کی گئی ہے کہ ۱۷-۱۹ء کی نصابی کتب میں ''عقائد وعبادات'' کے باب میں رسالتؐ کے بارے میں عقیدہ یوں درج ہے کہ: ''عقیدہ رسالت کا مطلب تمام رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ دائرۂ اسلام میں آنے کے لئے لازم ہے کہ عقیدہ رسالت کو دل وجان سے تسلیم کیا جائے اور کسی اعتبار سے اس میں شک وشبہ نہ کیا جائے۔ حضرت محمد ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا آخری رسول ماننا عقیدۂ رسالت کا لازمی جزو ہے۔''

یہ عبارت پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور کی شائع کردہ نصابی کتاب میں موجود ہے۔ مگر سال رواں میں جی، ایف، ایچ پبلشرز اردو بازار لاہور کی طرف سے جماعت نہم کے لئے مطالعہ پاکستان و اسلامیات کے لئے شائع کی جانے والی کتاب میں یہ عبارت اس طرح درج ہے کہ: ''عقیدۂ رسالت کا مطلب رسولوں پر ایمان لانا ہے۔ دائرۂ اسلام میں آنے کے لئے لازم ہے کہ رسالت کو دل وجان سے تسلیم کیا جائے اور کسی بھی اعتبار سے اس میں شک وشبہ نہ کیا جائے۔ قرآن اور اسوۂ رسول ﷺ کو سرچشمہ ہدایت ماننا عقیدۂ رسالت کا لازمی تقاضہ ہے۔''

جبکہ اس کتاب کے ٹائٹل پر یہ عبارت درج ہے کہ: ''مقابلے میں اول قرار پانے والی یہ کتاب حکومت پنجاب کی طرف سے تعلیمی سال 20،2019ء کے لئے پنجاب کے سرکاری سکولوں میں تقسیم کی گئی جیکٹ میں شامل ہے۔''

اس طرح حکومت پنجاب کی منظوری سے نہم جماعت کے لئے تقسیم کی جانے والی اس نصابی کتاب سے ختم نبوت کا عقیدہ خارج کر دیا گیا ہے۔ جس پر صوبہ کے دینی حلقوں کی طرف سے شدید احتجاج کیا جارہا ہے۔ گزشتہ دنوں چیف جسٹس آف پاکستان نے پرائیویٹ سکولوں کی فیسوں میں اضافہ کے حوالہ سے زیر بحث ایک کیس میں ریمارکس دیتے ہوئے ملک کے تعلیمی نظام کی طرف قومی اداروں کی عدم توجہی کا ذکر کیا تھا۔

ہم ان سے عرض کرنا چاہیں گے کہ یہ مسئلہ عدم توجہ سے کہیں زیادہ ریاستی نصاب تعلیم میں دینی مواد کو کم کرتے چلے جانے اور اسلام کے بنیادی عقائد سے نئی نسل کو بے خبر رکھنے کا ہے۔ جو کسی باقاعدہ منصوبہ بندی کا حصہ معلوم ہوتا ہے۔ کیا محترم چیف جسٹس اس طرف بھی توجہ دے سکیں گے؟۔ (اداریہ ماہنامہ نصرۃ العلوم مئی ۲۰۱۹ء)

دارالعلوم دیوبند میں چھ روزہ تحفظ ختم نبوت تربیتی کیمپ

مولوی رفیق الاسلام

گزشتہ بارہ سالوں سے دارالعلوم دیوبند میں تحفظ ختم نبوت تربیتی کیمپ، کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند کی زیر نگرانی منعقد ہورہا ہے۔ آغاز میں یہ کیمپ صرف تین دن کا تھا پھر رفتہ رفتہ پانچ دن اور اب چھ دن پر مشتمل یہ تربیتی نظام چل رہا ہے۔ جس میں فضلائے مدارس اسلامیہ کو اسلامی عقائد کے خلاف اٹھنے والے فتنوں بطور خاص قادیانیت اور شکیلیت کے سدباب کے لئے رجال کار کی تیاری پر زور دیا جاتا ہے۔ اکابر دارالعلوم کے حسب ہدایت اس کیمپ کے مربی خصوصی حضرت مولانا شاہ عالم گورکھپوری ہوتے ہیں۔ امسال بھی یہ تربیتی کیمپ ۱۹ تا ۲۴ شعبان ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۵ تا ۳۰ اپریل ۲۰۱۹ء بمقام دارالحدیث (فوقانی) منعقد ہوا۔ کیمپ کی پہلی نشست کی صدارت کرتے ہوئے حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم نعمانی زیدمجدہم مہتمم دارالعلوم دیوبند نے اس کا افتتاح فرمایا۔ اس کے بعد شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا مفتی سعید احمد پالن پوری مدظلہ نے خصوصی طور پر عقائد کے تحفظ کے لئے علم کلام کی ضرورت واہمیت کے موضوع پر خطاب کیا۔

کیمپ کی روزانہ تین نشستیں (صبح ۸ تا ۱۲ بجے، بعد نماز ظہر تا عصر اور بعد نماز مغرب تا عشاء) منعقد ہوتی رہیں اس طرح چھ دنوں میں کل ۱۵ نشستیں ہوئیں۔ دوران بیان پیش کئے گئے حوالوں کی مراجعت اور مطالعہ ومشاہدہ کا نظم بھی مرکز التراث الاسلامی دیوبند کی جانب سے الیکٹرانک پروجیکٹر کے ذریعہ کیا گیا تھا تاکہ حوالوں کو اپنی یادداشت میں محفوظ کرنے اور مشاہدہ کرنے میں شرکاء کیمپ کو آسانی ہو۔

اس خصوصی اور یادگار تربیتی کیمپ میں دارالعلوم دیوبند، دارالعلوم وقف دیوبند، دارالعلوم شیخ زکریا دیوبند، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور ودیگر مدارس عربیہ کے فضلاء سمیت کل ۱۸ صوبوں سے پچہتر (۷۵) اضلاع کے ساڑھے چار سو علمائے کرام وفضلاء مدارس عربیہ نے شرکت کی۔ کل ہند مجلس کی جانب سے آویزاں اعلان کے مطابق متعینہ عنوانات پر ایک ایک نشست میں حضرت مولانا قاری سید محمد عثمان ناظم کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند، جناب مولانا اشتیاق احمد مہراج گنجی مبلغ کل ہند مجلس، جناب حافظ اقبال احمد ملی ناظم احیاء السنۃ اسلامک سینٹر مالیگاؤں، جناب مولانا محمد راشد استاذ جامعہ مظاہر علوم سہارنپور کے اور بقیہ تمام نشستوں میں حضرت مولانا شاہ عالم گورکھپوری کے تربیتی اسباق اور پرمغز بیانات ہوئے۔ گاہے گاہے کیمپ کی مختلف نشستوں میں جناب مفتی اکمل یزدانی بھوپال، مفتی محمد محسن قاسمی اورنگ

آباد، ڈاکٹر عزیر عالم ممبئی اور مولانا بادشاہ قاسمی کیرالہ کے بھی بصیرت افروز خطابات ہوئے۔ ایک نشست میں مفتی محمد اکمل یزدانی کی کتاب ''شکیلی غلط فہمیوں کا ازالہ'' (جو مولانا شاہ عالم گورکھپوری کی نگرانی میں ترتیب دی گئی) کا رسم اجراء بدست حضرت مفتی ابوالقاسم و حضرت قاری محمد عثمان عمل میں آیا۔

مولانا شاہ عالم نے تربیتی کیمپ کے اصول وضوابط اور فوائد بیان کرتے ہوئے ہندوستان میں کل ہند مجلس کی زیر نگرانی منعقد ہونے والے تربیتی کیمپوں کی ایک مفصل و مربوط تاریخ سے حاضرین و سامعین کو روشناس کرایا۔ آپ نے بتایا کہ ہندستان کے بیشتر اضلاع میں شعبۂ تحفظ ختم نبوت کے فضلاء کے ساتھ ساتھ تربیتی کیمپ سے استفادہ کرنے والوں میں ایک بڑی تعداد ہے جو اپنے اپنے علاقوں میں فرقہائے باطلہ کے خلاف محاذ سنبھال کر ملت و امت کی عقائد کے باب میں رہنمائی کا فریضہ انجام دے رہی ہے۔ تفصیلات اگر کسی کو درکار ہوں تو وہ کل ہند مجلس کی جانب سے شائع ہونے والی روئدادوں اور مساعی جمیلہ کو دیکھ سکتا ہے۔ مولانا نے حالیہ مطبوعہ مساعی جمیلہ ۲۰۰۳ء تا ۲۰۱۹ء کے حوالے سے بتایا کہ صرف اس دوران پورے ملک میں رد قادیانیت ورد شکیلیت کے موضوع پر قابل ذکر ۳۸ تربیتی کیمپ اور تقریباً ۹۰ سے زائد اجلاس ہائے عام منعقد کیے جا چکے ہیں اور ان کیمپوں کو منعقد کرنے والوں میں بیشتر افراد وہی ہیں جن کو تربیتی کیمپ سے کام کرنے کا سنجیدہ اور ٹھوس راستہ ملا ہے۔

اخیر کی ایک نشست میں ''علمی اور عملی میدان میں فتنہ قادیانیت کا تعاقب کس طرح کیا جائے اور اس میں پیش آنے والی دشواریوں کا ازالہ کس طرح ہو'' کے عنوان پر بیان کرتے ہوئے علمی اور عملی میدانوں میں کام کرنے کے طور و طریق اور اصول بیان کیے۔

سولہویں اور اختتامی نشست: ۲۴؍شعبان المعظم مطابق ۳۰؍اپریل بروز منگل صبح ۱۱ بجے منعقد ہوئی۔ شرکاء کیمپ میں سے منتخب علماء نے اپنے تأثرات پیش کیے۔ بعدہ مولانا شاہ عالم گورکھپوری نے مفصل خطاب کیا۔ بعد ازاں حضرت مولانا ابوالقاسم نعمانی مہتمم دارالعلوم دیوبند اور قاری سید محمد عثمان منصور پوری نے خطاب کیا اور شرکائے کیمپ کو پند و نصائح سے نوازا۔ اخیر میں حضرت مہتمم صاحب کے بدست تمام شرکاء کو بصورت کتب قیمتی انعامات اور سند شرکت سے نوازا گیا۔ اس آخری نشست میں جناب حافظ اقبال احمد ملی مالیگاؤں، جناب مولانا محمد راشد سہارنپور، جناب مولانا اشتیاق احمد دیوبند، جناب مولانا شاہد انور قاسمی دیوبند، ماسٹر محمد احمد گورکھپوری دیوبند، ڈاکٹر عزیر عالم ممبئی، مولانا بادشاہ قاسمی کیرالہ، مولانا محمد مظہر گجرات، مفتی محمد انوار مدرسہ جامعۃ القاسم نوح میوات، مولانا محمد شکیل و مفتی محمد ساجد سوہانہ ہریانہ، مولوی شہباز اختر سیوان، مولوی حسن احمد کشن گنج، مولوی عاشق الٰہی تملناڈ، مولوی محمد صابر تلنگانہ وغیرہ متعلقین شعبہ تحفظ ختم نبوت دارالعلوم دیوبند شریک رہے، قاری سید محمد عثمان منصور پوری مدظلہ کی دعاء پر پروگرام کا اختتام ہوا۔

مانسہرہ میں ختم نبوت کانفرنسوں کی بہار

جناب عبدالباسط

بھائی عبدالرؤف روفی مرحوم نے جنوری کے پہلے عشرے میں حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ سے مانسہرہ کے لئے موسم بہار کی آمد پر سالانہ ختم نبوت کانفرنسوں کے لئے مارچ کے آخری ہفتے کا وقت لیا۔ جماعتی دوستوں میں تحریک پیدا کی، کانفرنسوں کی تیاری کے لئے لائحہ عمل طے کیا گیا، مختلف مساجد اور قصبوں میں پروگرام منعقد کرنے کی تیاری شروع ہوئی، اشتہارات ڈیزائن کرنے کا سوچ ہی رہے تھے کہ قضاء وقدر کے بادل برس پڑے اور اچانک بھائی عبدالرؤف روفی مرحوم کا وصال ہوگیا، ہر چیز بکھرتی محسوس ہونے لگی، مگر اس ذات باری تعالیٰ کی کروڑوں رحمتیں ہوں ہمارے اکابرین عالمی مجلس پر کہ حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری اور حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہما نے خود اپنے ہاتھوں سے بھائی عبدالرؤف مرحوم کو قبر میں اتارنے کے بعد سب سے پہلا کام یہ کیا کہ مانسہرہ میں جماعتی نظم قائم کیا۔ دفتر ختم نبوت کو وجود بخشا گیا، نئے اور پرانے ساتھیوں کو اکٹھا کیا گیا۔

سالانہ کانفرنسوں کے سلسلے کا پہلا جلسہ مانسہرہ کے ملحقہ گاؤں ڈھیگراں میں ۲۷ مارچ کو بعد نماز مغرب حضرت مولانا مفتاح الہدیٰ کی صدارت میں انہی کی مسجد میں رکھا گیا۔ ختم نبوت یوتھ فورس کے صدر بھائی عابد لقمانی اور ان کے رفقاء نے ہر دروازے کو کھٹکھٹایا، انفرادی ملاقاتیں کی، گلیوں اور محلوں میں عشق مصطفیٰ اور غیرت ایمانی کے آلاؤ روشن کئے، ساتھیوں کی محنت رنگ لائی اور بھرپور حاضری رہی۔ مولانا توصیف احمد مبلغ حیدرآباد بھی اسی ڈھیگراں گاؤں کے ہیں، انہوں نے بھی پورے گاؤں میں خوب محنت کی۔

کانفرنسوں کے سلسلے کا دوسرا پروگرام بروز جمعرات ۲۸ مارچ بعد نماز مغرب حضرت مولانا نور عالم شاہ کے ہاں دارالعلوم محمدیہ ڈھوڈیال کے مقام پر ہوا۔ حضرت مولانا اللہ وسایا کا پُرمغز بیان ہوا۔ حضرت نے تحفظ ختم نبوت یوتھ فورس کے ضلعی دفتر کا باقاعدہ افتتاح کیا، دفتر ختم نبوت بھائی عبدالرؤف مرحوم کی جائے کار جس میں انہوں نے ایک طویل عرصے تک عالمی مجلس کے کام کو آگے بڑھایا کی بالائی منزل پر قائم کیا گیا۔

بروز جمعہ ۲۹ مارچ کو مسجد خاتم النبیین میں حضرت مفتی مسعود الرحمٰن مدظلہ نے حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ کے بیان سے نماز جمعہ کا اجراء کیا۔ بعد نماز جمعہ جامع مسجد ناڑی میں حضرت مولانا حفیظ الرحمٰن کی زیر صدارت ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہر بھر سے علماء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ خصوصی بیان حضرت مولانا اللہ وسایا کا ہوا۔ بیان کے بعد فوراً پنڈی کے اجتماعات میں شرکت کے لئے روانہ ہوگئے۔

جماعتی سرگرمیاں

ادارہ!

تحفظ ناموس رسالت کنونشن شیخوپورہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ۱۲ر مارچ بروز منگل صبح دس بجے تا ایک بجے دن جامع مسجد مہک مدینہ شیخوپورہ میں تحفظ ناموس رسالت کے عنوان سے علماء کنونشن منعقد ہوا۔ کنونشن کی صدارت مولانا مشرف حسین نے کی۔ قاری عطاء اللہ نے تلاوت کلام پاک سے پروگرام کا آغاز کیا۔ مولانا محمد خالد عابد نے نقابت کے فرائض انجام دیئے۔ کنونشن سے مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا زاہد الراشدی گوجرانوالہ، مولانا نور محمد ہزاروی سرگودھا اور نومسلم پروفیسر طاہر احمد ڈار نے خطابات کئے۔ چوہدری شفقت علی، سید تجمل حسین شاہ، سید راشد حسین شاہ، محمد اجمل اور محمد عرفان نے انتظامی امور سرانجام دیئے۔

ختم نبوت کانفرنس سید والا

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر ۱۳ مارچ بروز بدھ بعد نماز عشاء چوک سیدنا فاروق اعظمؓ میں بازار سید والا ننکانہ میں عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کی صدارت حضرت مولانا صاحبزادہ خلیل احمد نے کی۔ تلاوت کلام پاک قاری احمد حسن نے کی۔ ہدیہ نعت قاری سعید مدنی نے پیش کیا۔ نقابت کے فرائض مولانا محمد خالد عابد نے انجام دیئے۔ مولانا ابوبکر سعید، مولانا غلام محی الدین، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی، مولانا محمد رفیق جامی، مولانا مفتی عبدالشکور رضوی، مولانا سید ضیاء اللہ شاہ بخاری کے بیانات ہوئے۔ مقررین نے کہا کہ ہر دور میں تحفظ ناموس رسالت کا فریضہ سرانجام دیا گیا اور تا صبح قیامت یہ فریضہ سرانجام دیا جائے گا۔ انشاء اللہ! انہوں نے مزید کہا کہ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ وفاداری کرتے ہوئے تمام قادیانی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کرے۔ کانفرنس کا اختتام صاحبزادہ خواجہ خلیل احمد سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ کی دعا سے ہوا۔ کانفرنس کی تیاری کے لئے مقامی احباب نے بھرپور محنت کی۔

ختم نبوت کانفرنس اوکاڑہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام یکم اپریل ۲۰۱۹ء کو مدرسہ حنفیہ بصیر پور ضلع اوکاڑہ میں ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کی صدارت مولانا محمد مشتاق احمد مہتمم مدرسہ ہذا نے فرمائی۔ کانفرنس کا آغاز قاری عبدالرؤف کی تلاوت کلام مجید سے ہوا۔ جناب محمد احمد مدنی نے نعت رسول مقبول ﷺ کا نذرانہ

پیش کیا۔ کانفرنس سے مولانا عبدالرزاق مجاہد اور مولانا عزیز الرحمن ثانی لاہور نے بیانات کیے۔ مولانا محمد حسن نے مدرسہ کی کارگزاری پیش کی۔ کثیر تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی۔

ختم نبوت کانفرنس سمندری

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت سمندری کے زیر اہتمام ۱۱ر اپریل بروز جمعرات بعد نماز عشاء جامعہ دارالعلوم فیض عام میں زیر صدارت فخر السادات قاری سید احمد رضا شاہ مدیر جامعہ ہذا وزیر قیادت قاری محمد یونس سمندری منعقد ہوئی۔ تلاوت کلام پاک کا آغاز آیات ختم نبوت سے قاری غلام مصطفیٰ نے فرمایا۔ ثناء خواں مولانا قاری آصف رشیدی لاہور نے اپنے کلام سے کانفرنس کو چار چاند لگائے۔ حضرت مولانا اللہ وسایا، مولانا عبدالقدوس گجر ماموں کانجن، مولانا محمد خبیب مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے عقیدہ ختم نبوت اور ناموس رسالت کے تحفظ پر امت مسلمہ کی ذمہ داری کے عنوانات پر خطابات فرمائے۔ مقررین نے کہا کہ ناموس رسالت پر کبھی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ یہ قانون کسی کو بھی چھیڑنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ مولانا امجد، جناب فرید اللہ خان، قاری عثمان شیرازی، قاری اعجاز، قاری سرفراز، عبدالرؤف بٹ، مفتی مقصود و دیگر رفقاء کرام کی محنت و کاوش سے بھرپور کانفرنس ہوئی۔ الحمدللہ!

ختم نبوت کانفرنس کوٹ رادھا کیش ضلع قصور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ۲۷ر اپریل ۲۰۱۹ء کو بعد نماز مغرب کوٹ رادھا کیشن ضلع قصور میں کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کی سرپرستی مولانا عبدالحق امیر مجلس کوٹ رادھا کیشن نے جبکہ صدارت مولانا عبدالغنی نے کی۔ تلاوت کلام پاک مولانا قاری محمود احمد جامعہ مدنیہ جدید لاہور اور ہدیہ نعت مولانا نفیس احمد نفیس و مولانا غلام اللہ میواتی نے پیش کیا۔ مولانا اسامہ نصیر نے نقابت کے فرائض انجام دیئے۔ کانفرنس سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم تبلیغ مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا محمد رضوان عزیز اور مولانا عبدالرزاق مجاہد نے بیانات کیے۔ کانفرنس کے انتظامات میں امتیاز برادران نے بھرپور تعاون کیا۔ کانفرنس کا اختتام مولانا عبدالغنی کی دعا سے ہوا۔

دوروزہ ختم نبوت کورس اوکاڑہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام ۹، ۱۰ر اپریل ۲۰۱۹ء کو مدرسہ انوار مدینہ خان کالونی اوکاڑہ میں دورہ روزہ ختم نبوت کورس کا انعقاد کیا گیا۔ کورس کا دورانیہ بعد نماز مغرب تا عشاء رہا۔ پہلے دن مولانا عبدالحکیم نعمانی ساہیوال اور مولانا عبدالرزاق مجاہد نے اسباق پڑھائے۔ دوسرے دن مولانا عزیز الرحمن ثانی نے مرزا قادیانی کے کردار پر مفصل لیکچر دیا۔ کورس میں ملٹی میڈیا پروجیکٹر کے ذریعہ قادیانی کتب کے

اصل حوالہ جات بھی دیکھائے گئے۔ اختتامی روز بعد نماز عشاء مدرسہ انوار مدینہ خان کالونی کی تقریب بھی منعقد ہوئی۔ مولانا عبدالرحمٰن قادری نے بیان کیا۔ طلباء کرام میں اسناد و شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔

تحفظ ختم نبوت کورس گوجرانوالہ

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت گوجرانوالہ کے زیر اہتمام چھ روزہ ختم نبوت کورس بتاریخ ۲۳/اپریل تا ۲۸/اپریل ۲۰۱۹ء بوقت مغرب تا عشاء جامع مسجد فیروزی نعمانیہ روڈ گوجرانوالہ میں منعقد ہوا۔ جس میں مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی رہنما حضرت مولانا اللہ وسایا ملتان، مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی، مولانا عزیز الرحمٰن ثانی لاہور، مولانا زاہد الراشدی، محترم جناب شمس الدین نو مسلم لاہور، مولانا محمد قاسم رحمانی بہاولنگر، مولانا محمد طیب اسلام آباد نے لیکچر دیئے۔ اختتام کورس پر تحریری امتحان ہو۔ پوزیشن ہولڈر طلباء کو انعامات اور امتحان میں کامیابی پر تمام طلباء کو سند اعزاز بھی دی گئیں۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت گوجرانوالہ کے ضلعی مبلغ مولانا محمد عارف شامی نے اس کورس کے لئے بھرپور کوشش کی۔

دوروزہ ختم نبوت کورس قصور

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام دوروزہ ختم نبوت کورس ۲۸، ۲۹/اپریل ۲۰۱۹ء کو جامع مسجد سیدنا علی المرتضیٰ قصور میں منعقد ہوا۔ کورس کی سرپرستی قاری سیف اللہ رحیمی نے کی۔ پہلے دن حافظ افتخار احمد فخر نے تلاوت کلام پاک اور ہدیہ نعت پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ بعد ازاں مولانا عبدالرزاق مجاہد اور مولانا عبدالشکور حقانی لاہور کے لیکچرز ہوئے۔ دوسرے دن حافظ محمد وسیم نے تلاوت اور جناب احسان بلال نے نعت رسول ﷺ پیش کی۔ مولانا عبدالنعیم لاہور اور مولانا عبدالعزیز لاہور کے لیکچرز ہوئے۔ عقیدہ ختم نبوت، حیات سیدنا مسیح علیہ السلام، ظہور امام مہدی علیہ الرضوان اور کذبات مرزا جیسے اہم موضوعات پر تمام لیکچر دیئے گئے۔ پروجیکٹر کے ذریعہ قادیانی کتابوں کے حوالہ جات کا مشاہدہ بھی کرایا گیا۔ میاں معصوم انصاری و حاجی شبیر احمد مغل نے اس کورس کے لئے تعاون کیا۔ عطیہ اشتہار حاجی محمد اسلم چوپڑا برکت المدینہ ٹریول قصور نے کیا۔ قاری مشتاق احمد نے اختتامی پروگرام میں صدارت فرمائی۔

خطبہ جمعۃ المبارک

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام چک نمبر ۱۴۸ گ، ب چوہلہ میں ۳/مئی ۲۰۱۹ء کا خطبہ جمعۃ المبارک حضرت مولانا قاضی احسان احمد کراچی اور مولانا محمد خبیب ضلعی مبلغ نے ارشاد فرمایا۔ پروگرام کی صدارت قاضی امتیاز احمد جنرل سیکرٹری ٹوبہ اور نگرانی قاری ذوالفقار احمد امیر مجلس چک چوہلہ نے فرمائی۔ قاضی احسان احمد نے حیات سیدنا عیسیٰ علیہ السلام پر مدلل گفتگو فرماتے ہوئے قادیانیوں کا دعوت اسلام دی۔

خطبہ جمعۃ المبارک ماموکانجن

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ماموکانجن کے زیراہتمام ۱۲راپریل کو خطبہ جمعۃ المبارک کے موقع پر مرکزی جامع مسجد احیاء العلوم ماموکانجن میں حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ اور مولانا محمد خبیب نے خطاب فرمایا۔ پروگرام کی صدارت مولانا ضیاء الدین آزاد اور نگرانی مولانا عطاء اللہ نقشبندی نے فرمائی۔ شہر و مضافات سے کثیر اہل علم اور عوام الناس نے شرکت فرمائی۔ مولانا نے فرمایا کہ ملعونہ آسیہ مسیح کا فیصلہ بیرونی دباؤ پر کرکے امت مسلمہ اور اسلامیان پاکستان کی دل آزاری اور گنبد خضری سے بغاوت ہے۔ ہر شہر میں ہماری ختم نبوت کی آواز نے اگلے بیرونی ایجنڈے کو بریک لگادی ہے۔

جھنگ میں پانچ قادیانیوں کا قبول اسلام واقرار نامہ

۷راپریل ۲۰۱۹ء بروز اتوار کو احمد پور سیال ضلع جھنگ میں پانچ قادیانی مرزا قادیانی اور اس کی ذریت پر لعنت بھیج کر، نبی آخرالزمان حضرت محمد ﷺ پر کامل ایمان لاتے ہوئے حلقہ بگوش اسلام ہوگئے۔ مسلمان ہونے والوں میں: ۱…… محمد رشید ولد محمد شفیع۔ ۲…… خدیجہ مائی زوجہ محمد رشید۔ ۳…… محمد راشد ولد محمد رشید۔ ۴…… محمد ماجد ولد محمد رشید اور ۵…… محمد خالد ولد محمد رشید شامل ہیں۔ نومسلم حضرات نے دائرہ اسلام میں داخل ہونے کے بعد جامع مسجد گلزار مدینہ میں مبلغ عالمی مجلس جھنگ مولانا غلام حسین، امام مسجد حافظ محمد رمضان اور درجن سے زائد گواہان کی موجودگی میں درج ذیل اقرار نامہ بھی لکھ کردیا: ’’محمد رشید ولد محمد شفیع، خدیجہ مائی زوجہ محمد رشید، محمد راشد ولد محمد رشید، محمد ماجد ولد محمد رشید اور محمد خالد ولد محمد رشید سکنہ 17-3L احمد پور سیال جھنگ ہم اقرار کرتے ہیں کہ ہمارا تعلق مرزائیت سے تھا۔ لیکن اب ہم لکھ کردیتے ہیں کہ ہم مرزا قادیانی اور اس کو ماننے والوں کو کافر اور دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں اور جو مرزا قادیانی کو کافر نہ جانے اسے بھی کافر اور دائرہ اسلام سے خارج تصور کرتے ہیں۔‘‘

مسافران آخرت

۱…… مولانا عبدالحنان چک ۲۷۹ ج ب کلویا ٹوبہ، ۲…… مولانا عمران برادر مفتی محمد عثمان خان دا چک کمالیہ، ۳…… حافظ محمد حنیف کے والد گرامی جناب محمد سردار کمالیہ، ۴…… محترم محمد نثار چک ۲۶۵ گ ب منگلا کے برادر کبیر جناب محمد رمضان رجانہ میں انتقال فرماگئے، اناللہ وانا الیہ راجعون!

مرحومین عالمی مجلس کے مخلص مہربان تھے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ٹوبہ کی طرف سے تمام جامعات میں قرآن خوانی اور دعائے مغفرت کرائی گئی۔ اللہ پاک مرحومین کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین!

چھبیسویں سالانہ ختم نبوت کورس چناب نگر کے شرکاء

مولانا محمد بلال

حسب سابق امسال سالانہ رد قادیانیت کورس ۷؍شعبان المعظم تا ۲۶؍شعبان المعظم ۱۴۴۰ھ مطابق ۱۳؍اپریل تا ۲؍مئی ۲۰۱۹ء مدرسہ جامعہ عربیہ ختم نبوت مسلم کالونی چناب نگر میں منعقد ہوا۔

بفضلہ تعالیٰ امسال گیارہ سو باون (۱۱۵۲) حضرات نے شرکت کی۔ ان میں سے چالیس (۴۰) طلباء کثرت غیر حاضری ودیگر وجوہ کی بناء پر خارج کر دیئے گئے۔ گیارہ سو بارہ طلباء کرام نے اسناد اور کتب حاصل کیں۔ ذیل کی فہرست میں خارج شدہ طلباء کے اضلاع والے خانہ میں ''خارج شد'' لکھ دیا گیا ہے۔ طلباء کرام کی فہرست ملاحظہ فرمائیں:

اسمائے گرامی شرکاء کورس

1	محمد حذیفہ یوسف	حافظ محمد یوسف	لودھراں
2	محمد ابراہیم	احسان ذیب	صوابی
3	محمد اسحاق	محمد جان	نوشہرہ
4	محمد امین داد	خان داد	مردان
5	محمد عرفان	نور اسلام	نوشہرہ
6	سید وسیم علی شاہ	سید فیض الرحمٰن	نوشہرہ
7	محمد عمر	محمد جہان میر	نوشہرہ
8	محمد حسین	محمد حنیف	نوشہرہ
9	کامران	اکرم خان	نوشہرہ
10	عمیر اللہ	میر عالم	ایبٹ آباد
11	محمد ذیشان	فلک شیر	نوشہرہ
12	محمد الیاس	نوروز خان	اسلام آباد
13	عبدالباسط	حافظ فقیر شاہ	نوشہرہ
14	بشیر احمد	مولانا فقیر محمد	مردان
15	فیاض اللہ خان	گوہر علی	اپر دیر
16	محمد عبداللہ	فضل حکیم	راولپنڈی
17	حفیظ اللہ	نور محمد	نوشہرہ
18	شاہ انعام الرحمٰن	شاہ عبدالرحمٰن	عزر
19	فضل مولیٰ	عبدالرحمٰن	صوابی
20	عادل الرحمٰن	عیسیٰ خان	راولپنڈی
21	احمد	فضل بادی	صوابی
22	اورنگزیب	حاجی فضل مولیٰ	پشاور
23	شہزاد	مرزا احمد	پشاور
24	محمد زکریا خان	شہنشاہ	اسلام آباد
25	اعظم طارق	عبدالسلام	گلگت
26	محمد اسماعیل	امان اللہ خان	کرم ایجنسی
27	رحمت اللہ	وزیر خان	راولپنڈی
28	اسد خان	الفت اللہ	شبقدر
29	فیضان پرویز	پرویز اختر	ایبٹ آباد
30	عطاء اللہ	گل حسین	صوابی
31	شفقت حسین	شکر خان	دیامر
32	سہراب الدین	محی الدین	چترال
33	محمد سلیمان	محمد عالم	سوات
34	عباد الرحمٰن	خلیل الرحمٰن	صوابی
35	محمد جلال	حضرت جلال	صوابی
36	شفیق الرحمٰن	محمد رفیق	ایبٹ آباد
37	شاہ روم	خانم دل	صوابی
38	شمس الرحمٰن	ممتاز احمد	ایبٹ آباد
39	سید الیاس باچا	سید احمد علی شاہ	صوابی
40	فرہاد علی	گل رحمٰن	دیر لوئیر

41	احسان اللہ	اورنگزیب	مالاکنڈ
42	نوازعلی	سید فروز	صوابی
43	سعید الرحمٰن	حافظ شفیق الرحمٰن	نیلم
44	خلیل الرحمٰن	بنیامین	بٹ گرام
45	عباداللہ	سید حسین	اپردیر
46	کامران خان	فیض اللہ	کوہاٹ
47	محمد جاوید اسلم	محمد اسلم	چکوال
48	عزیز رشید	عبدالرشید	بٹیاں بالا
49	عبدالغفور	محمد جان	ہنگو
50	عبدالرحمٰن	عبدالعزیز	باغ
51	یاسر زمان	خان زمان	اٹک
52	میر افضل	علی احمد خان	غذر
53	محمد فاروق	گلفراز خان	سوات
54	حسین الرحمٰن	گل رحمٰن	خارج شد
55	خلیق الرحمٰن	محمد دلاور	نیلم
56	محمد عبدالرب	محمد عثمان	راولپنڈی
57	گل نواز	افسر خان	کوہستان
58	عزیز الرحمٰن	شیر زمان	اٹک
59	سید اکبر شاہ	حسن شاہ	ڈیرہ اسماعیل خان
60	عبدالصمد	محمد اکبر	سوات
61	عبداللہ	جمروز	سوات
62	سہیل احمد	تاج ولی خان	مردان
63	مطیع الرحمٰن	گل احمد	کرم ایجنسی
64	محمد طیب	محمد حنیف	بٹ گرام
65	محمد جمال	محمد زمین	صوابی
66	محمد داؤد	محمد منظور	چکوال
67	عمر فاروق	فضل واحد	سوات
68	محمد ادریس	شرافت علی	مردان
69	آصف الحق	سراج الحق	چترال
70	غلام ابوبکر	غلام حسن	بارکھان
71	داؤد خان	عاقل خان	راولپنڈی
72	عبیداللہ	انور بیگ	لوئر دیر
73	محمد فیاض	نور محمد	راولپنڈی
74	محمد شیراز	انجم خان	راولپنڈی
75	عبدالسمیع	عبدالغفور	چترال
76	منظور عالم	محمد شریف	استور
77	نعیم اللہ	ذوالفقار	صوابی

78	محمد عرفان	محمد اسلم	بھکر
79	ذیشان	تنویر اختر عباسی	ایبٹ آباد
80	عظیم اللہ	محمد صدیق	جنوبی وزیرستان
81	عبدالوہاب	عبدالرشید	سوات
82	محمد نعیم	ہاشم خان	چارسدہ
83	انعام اللہ	ثواب الدین	نیلم
84	عاقب	محمد ایوب	بٹ گرام
85	محمد لقمان	نور قسم خان	جنوبی وزیرستان
86	ذاکر اللہ	غلام محمد	بٹ گرام
87	محمد ذوالفقار	شربت خان	کوہاٹ
88	ارمان الدین	شمیر	جنوبی وزیرستان
89	شاہد محمود	کستور خان	جنوبی وزیرستان
90	سید باچا	عقل زرین	چارسدہ
91	سمیع الحق	بخت زادہ	باجوڑ ایجنسی
92	محمد عارف	موسیٰ گل	کوہاٹ
93	محمد راشد	شاہ وزمان	مانسہرہ
94	عبدالرحمٰن	خکل خان	مردان
95	محمد سلمان	ساز گل	باجوڑ ایجنسی
96	گل زادہ	شہران شاہ	کوہستان
97	بلال احمد	عبدالجلیل	مانسہرہ
98	محمد عدنان	محمد یونس خان	سدھنوتی
99	شیران احمد	ارسل محمود	راولپنڈی
100	عمر خطاب	ولایت خان	کوہاٹ
101	عبدالرحمٰن	حاجی خان محمد	چاغی
102	محمد	محمد انور	نوشکی
103	صفی اللہ	محمد عارف	گھوٹکی
104	محمد نعیم نعمانی	غلام سرور	نصیر آباد
105	حبیب اللہ	ڈاکٹر حیات اللہ	پشین
106	تحسین احمد	شوکت حسین خان	ملتان
107	رحیم اللہ	حاجی عبدالمالک	چاغی
108	نصر اللہ	اللہ رکھیو	جعفر آباد
109	محمد اکرم	غلام رسول	گھوٹکی
110	موسیٰ کلیم	حاجی یار محمد	لورالائی
111	محمد اعجاز الحق	غلام رسول	ڈیرہ بگٹی
112	شاہ زیب	عبداللطیف	رحیم یار خان
113	محمد یونس	شاہ نواز	گھوٹکی
114	اسد اللہ	عبداللہ	کشمور

115	عبدالرؤف	غلام علی	فقار پور
116	محمد دانیال	ملک محمد اقبال	میانوالی
117	امام حسین	فضل محمد	نوشہرہ
118	سید گوہر شاہ	سید عمر بادشاہ	کرک
119	اشتیاق اللہ خان	نعمت اللہ خان	کرک
120	گل شیر دان	گل بت خان	کرک
121	محمد عامر منظور	منظور احمد	بہاولنگر
122	ضیاء الرحمن	عبدالخالق	بھکر
123	محمد ابوبکر	محمد اکرم	میرپور
124	عمیر احمد	حفیظ الرحمن	اسلام آباد
125	طاہر علی	بازگل	مردان
126	عبدالرحمن	محمد رمضان	باغ
127	شفاقت مشتاق	محمد مشتاق	راولپنڈی
128	محمد نجیب	راجہ بابر خان	راولپنڈی
